نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ اگست ۲۰۱۸ء

قیمت:-/۶۵ روپے

روحانی دنیا

فضائل واحکام

عیدالاضحی

شرف عطارد



علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء

بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

منیجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

اس شمارے میں

بدل اشتراک

فی پرچہ:-/ ۶۵ روپے سالانہ چندہ:-/ ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:-/۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:-/۱۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل
ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:-/۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ):-/۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر: ۸۶

شمارہ نمبر: ۴

ماہ: ماہ اگست ۲۰۱۸ء

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر

فون نمبر:
021-34949944
021-32018699
0333-7202964

ای میل:
ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

• منیجر سرکولیشن سہیل احمد
• کمپوزنگ اصغر نظامی

خط وکتابت وترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا ابراہیم مارکیٹ پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیاردیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزذبریجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گھٹیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ اگست ۲۰۱۸ء

خیال کا اثر

آپ جانتے ہوں گے کہ خیال کا اثر صحت پر پڑتا ہے مگر کبھی توجہ نہیں دی۔

ابھی ایک آدمی اپنے دوستوں سے بات چیت کر رہا ہے۔ کھل کھلا کر ہنس رہا ہے۔ اچانک اسے خبر ملتی ہے کہ اس کا اکلوتا بیٹا مر گیا۔ وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتا ہے۔ اس کا دل خوشی سے دکھ کے سمندر میں گر پڑتا ہے۔ دوسری طرف ایک غریب آدمی جسے آدھے پیٹ کھا کر اپنا اور گھر والوں کا گذارا کرنا پڑتا ہے۔ جس کے بچوں کے پاس پہننے کو کپڑے نہیں اگر اسے اچانک ایک لاکھ روپیہ مل جائے تو وہ پھولا نہیں سماتا۔ اس کے چہرہ کی تمام جھریاں بدن کی تمام نقاہتیں آن واحد میں دور ہو جاتی ہیں۔ یہ خیال ہی کا کرشمہ ہے۔

ظاہر ہے کہ انسان خیال کو دکھی رکھنے سے جسم کو دکھی اور خیال کو سکھی رکھنے سے جسم کو سکھی رکھ سکتا ہے خیال ایک ایسی چیز ہے جو انسان کے جسم کو متواتر کھایا کرتی ہے۔ کیا غریب کیا امیر سب کے پیچھے یکساں لگی ہوئی ہے۔ طالب علموں کو پاس ہونے کی تمنا' بے اولادوں کو اولاد کا اور غریبوں کو بھوک کا خیال ہمیشہ چمٹا رہتا ہے۔ اس لئے ان باتوں سے ہٹ کر جن پر انسان کو اختیار نہیں ہمیشہ خوش رہنا چاہئے۔ غصہ کا بھی جسم پر برا اثر پڑتا ہے۔ غصہ کرنے والے کے خون کے اندر زہر پیدا ہو جاتا ہے جو جسم کے اندر پھیل جاتا ہے جس سے مزاج چڑچڑا اور عادت تیز ہو جاتی ہے۔ اس لئے ہر حالت میں انسان کو غصہ چھوڑ دینا چاہئے۔ لالچ، بغض، حسد، غصہ یہ چار چیزیں انسان کے جسم میں زہر پیدا کرتی ہیں ایسے لوگ زندگی کی حقیقی خوشی سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ہر ادنیٰ قسم کے خیال کو جسم میں نہ گھسنے دیں۔ ہر وقت خوش رہیں۔ جسم کے لئے خوش رہنا ایک دوا ہے۔ خوش رہنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ ہمیشہ کسی نہ کسی کام میں مشغول رہیں۔

دوسرا طریقہ خوش رہنے کا یہ ہے کہ عبادت کیا کریں۔ گویا یہ ایک کٹھن کام ہے مگر سادہ طریقہ یہ ہے کہ دعا عبادت جس قدر کہ فرض ہے عادت پیدا کر کے آپ ضرور خوش رہیں گے۔ آزما لیں۔ دعا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے اپنے تمام دکھوں کو اپنی تمام تکلیفوں کو خدا کے سپرد کر دیا۔ اس کی مدد کا سہارا انسان کی خوشی کا باعث ہوتا ہے اور جسم ہلکا ہو جاتا ہے۔ عبادت سے انسان گناہوں سے بچتا ہے۔ گناہ سے بچنا خوش رہنا ہے جو شخص گناہ کرلے گا وہ خدا سے اور بندوں سے ڈرتا رہے گا۔ یہ ڈر اس کے دل پر بڑا اثر کرے گا۔ جب آپ اکیلے ہوں تو خدا کے سامنے اپنے تمام کاروبار کو' اپنے تمام ارادوں کو اپنی تمام امنگوں کو روزانہ رکھ دیا کریں کہ یہ میری خواہشیں ہیں۔ یہ میرے ارادے ہیں۔ میں ان کو اس طرح کرنا چاہتا ہوں' بالکل اسی طرح جس طرح آپ کسی رازداں دوست سے باتیں کرتے ہیں۔ اپنے پروردگار کے سامنے تمام بھید کھول کر اگلے دن اسی طرح کریں۔ تو ضرور کامیابی ہوگی اور جو امور نقصان دینے والے ہوں گے وہ باوجود کوشش کے انجام پذیر نہ ہوں گے۔ سمجھ لیں کہ قدرت کے ہاتھ نے ہمیں روک دیا ہے۔ اس لئے نہ صرف دنیاوی زندگی صحیح بن جائے گی۔ بلکہ دل خوش اور مطمئن رہے گا کہ ہم نے اپنے تمام اراوں کو اس کے سپرد کر دیا ہے۔ جس سے بڑھ کر پورا کرنے والا اور کوئی نہیں۔

یاد رکھیں۔ جو انسان بیٹے' دولت اور حکومت کے لئے دعا کرتا ہے۔ وہ خود غرض ہے اور ساتھ ہی وہ اپنی لئے گویا بے شمار مصائب کی دعا کرتا ہے۔ ہمیشہ نیکی اور ایمانداری کی دعا کرنی چاہئے اور اپنے تمام ارادوں کو خدا کے سپرد کر دینا چاہئے۔ یہ دعا اگر قبول ہوگی تو دھن' دولت' حکومت' اولاد سب کچھ حاصل ہو جائے گا۔ ورنہ انسان کے اندر نیکی اور ایمانداری نہ ہو۔ محبت وسلوک نہ ہو تو دولت اور اولاد کس کام کی! اور نیکی وایمانداری تب ہی حاصل ہوگی۔ جب آپ کے خیالات اچھے ہوں گے۔ خیالات اچھے تب ہی ہوں گے جب کہ آپ ہر وقت خوش رہیں گے۔ اگر آپ کو اطمینان قلب کی ضرورت ہے تو ہر غم سے وقتی اثر لیں۔ ہر خوشی سے وقتی خوشی حاصل کریں۔ آپ کا دل آئینے کی طرح صاف رہنا چاہئے کہ جس پر ہر لکھا ہوا حرف فوراً مٹ جائے۔

لوح زحل

استحکام وجمعیت کی روحانیت
تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہیئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔
۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔
۳۔ تسلط بر خلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔
۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔
۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔
۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔
۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے اپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کردیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب تختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہیئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہیئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسیج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

فضائل واحکام عید الضحیٰ

یہ مہینہ ذی الحجہ کا بڑی خیر و برکت کا مہینہ اشہر حرام ہے- اس مہینہ میں کثرت سے نفل، نماز، روزہ، تلاوت قرآن، تسبیح، تہلیل، تکبیر، صدقات و خیرات وغیرہ اعمال نیک کا بہت بڑا ثواب ہے- خصوصاً عشرہ اول ماہ ذی الحجہ کہ اس میں اعمال نیک کا ثواب جہاد سے بھی زیادہ ہے جہاں تک ہو سکے اس متبرک مہینہ میں کثرت سے نیک کام کرو اور برے کام سے اجتناب و احتیاط کرو، صحیح ابوعوانہ اور صحیح ابن حبان میں جابرؓ سے مروی ہے کہ عشرہ ذی الحجہ سے زیادہ کوئی دن افضل نہیں اور اس عشرہ کے نو دن روزہ رکھنے کے فضیلت میں ابوداؤد اور نسائی میں احادیث موجود ہیں- حضرت حفصہؓ فرماتی ہیں کہ جناب سرور دو عالم ﷺ چار باتوں کو ترک نہیں فرماتے تھے (۱) عشرہ محرم کا روزہ (۲) عشرہ ذی الحجہ کے روز یعنی نو دن کے اور (۳) ہر مہینہ کے تین روزے اور فجر کی سنتیں اور ان دس دنوں میں یوم عرفہ یعنی نویں ذوالحجہ کا دن تمام سال کے دنوں سے افضل و متبرک ہے اور اس دن کا روزہ سنت ہے اور ایک برس گزشتہ اور ایک برس آئندہ کے گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے- صحیح مسلم میں ابوقتادہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا صیام یوم عرفة احتسب علی ان یکفر السنة التی قبلة والسنة التی بعده' لیکن صرف حاجیوں کو اگر میدان عرفات میں ٹھہرنے اور ادعیہ اور اذکار کرنے میں روزہ رکھنے سے خوف ضعف ہو تو ان کو روزہ رکھنا مکروہ ہے اگر خوف ضعف نہ ہو تو مکروہ نہیں ہے- ۸/۹ ذی الحجہ کو روزہ رکھنا چاہئے-


جو شخص بطور فرض یا نفل قربانی کرنا چاہے اس کے لئے سنت ہے کہ عیدالضحیٰ کے دن قربانی کرنے کے بعد پھر خط وغیرہ بنوائے بال کتروائے-

یوم عرفہ یعنی ۹ ذی الحجہ کو نماز صبح کے بعد سے ۱۳ ذی الحجہ کے نماز عصر کے بعد تک ہر فرض نماز کے بعد متصل سلام تکبیر و تشریق ایک دفعہ پکار کر کہنا واجب ہے- خواہ مرد ہو یا عورت ہو یا مسافر ہو خواہ نماز باجماعت ہو یا تنہا ہو- یہی روایت معتمد و مفتی ہے کہ بعد نماز عید کے ہی تکبیر کہنا مستحب ہے تکبیر تشریق یہ ہے- اللہ اکبر اللہ اکبر لاالہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد-


۱۰ ذی الحجہ یعنی عیدالضحیٰ کو مسواک اور غسل کر کے اچھے کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر بے کھانا کھائے یہ تکبیر کے بعد کھانا چاہئے- خواہ قربانی کرے یا نہ کرے- قربانی کرنے والے کو پہلے اپنی قربانی میں سے کھانا مستحب ہے- عیدگاہ کو پاپیادہ جانا بہتر ہے- سواری پر جانے میں کچھ ڈر نہیں- عیدگاہ میں بھی بیٹھ کر تکبیر پڑھتے رہنا بہتر ہے- نماز عید شہر سے باہر جنگل یعنی عیدگاہ میں سنت ہے اگرچہ مسجد یا جامع مسجد ایسی وسیع ہو کہ جس میں سب آدمی آ سکیں اگر بوجہ ضعف پیری یا مرض وغیرہ کے وہاں تک جانا مشکل ہو تو شہر کی مسجد میں بھی پڑھ لینا درست ہے اور یہ نماز عید واجب ہے اور وہ دو رکعت بے اذان و بے اقامتہ کے ہیں- نماز سے پہلے تکبیر تحریمہ ہے- دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر پھر ہاتھ باندھ لیں اور سبحانك اللهم پڑھیں پھر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر تین تکبیریں اور کہیں اور ہر تکبیر کے درمیان بقدر تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کے سکوت کریں اور ہر تکبیر پر ہاتھ لٹکا دیں- تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیں اور اب امام اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر بعد قرأت الحمد و سورہ کے رکعت پوری پڑھے اور دوسری رکعت میں فاتحہ و سورۃ پڑھنے کے بعد تین تکبیریں اسی طرح کہے جیسے پہلی رکعت میں کہی تھیں اور ہر تکبیر میں ہاتھ لٹکائے اور چوتھی تکبیر پر رکوع میں چلا جائے- اگر کسی شخص نے امام کو نماز عید کی پہلی رکعت میں بحالت قیام قرأت پڑھتے ہوئے پایا تو پہلے تکبیر تحریمہ اور پھر ہر سہ تکبیرات کہہ کر شامل جماعت ہو جائے اور اگر امام کو رکوع میں پایا تو تکبیر تحریمہ کے بعد ہر سہ تکبیرات عید بھی کہہ کر رکوع میں مل جائے اور اگر یہ سمجھے کہ تکبیرات عید کہتے کہتے رکوع فوت ہو جائے گا تو تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع میں مل جائے اور تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع میں مل جائے اور تکبیرات عید رکوع میں کہہ لے اور ان پر ہاتھ نہ اٹھائے- اگر امام تکبیرات عید کے پورا ہونے سے پہلے کھڑا ہو جائے تو یہ بھی امام کی متابعت کرے اور باقی تکبیرات اور تسبیح رکوع معاف ہو گئیں اور جس وقت امام رکوع پورا کر کے قومہ میں کھڑا ہوتا ہے اس وقت مقتدی جماعت میں ملے تو اب تکبیرات عید قومہ میں نہ کہے بلکہ جب اپنی گئی ہوئی رکعت پڑھے- اس وقت بعد اختتام قرأت کے تکبیرات کہہ لے اور اگر امام کے ساتھ دوسری رکعت میں شریک ہوا تو مقتدی اپنی پہلی رکعت فوت شدہ کے پڑھنے میں الحمد و سورۃ اول پڑھ کر پھر تکبیرات عید کہہ کر اپنی رکعت پوری کرے یعنی شروع رکعت پر قبل قرأت تکبیرات عید نہ کہے- پہلے قرأت پوری کرے پھر تکبیرات عید کہے تاکہ توالی تکبیرات لازم نہ آئیں- نماز کے بعد عید کا خطبہ بھی مثل خطبہ جمعہ کے خاموش بیٹھ کر سننا واجب ہے- اثناء خطبہ میں کھانا، پینا، باتیں کرنا جرم ہے بلکہ سلام کا جواب دینا یا تسبیح پڑھنا یا چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہنا بھی منع ہے- خواہ امام سے قریب ہو یا دور ہو- ہاں جناب سرور دو عالم ﷺ کا نام مبارک خطبہ میں لیا جائے تو چپکے سے درود شریف پڑھ لینا چاہئے اکثر دیہات اور شہر کے ناواقف مسلمان خطبہ سننے سے پہلے نماز کے بعد ہی کھڑے ہو جاتے ہیں اور باتیں اور شور و غل کرنے لگتے ہیں وہ تارک واجب اور گنہگار ہوتے ہیں مسلمانوں کو پابندی سے اس کی احتیاط ضروری ہے- آپ جس راستہ سے گئے تھے اس کے خلاف دوسرے راستہ سے آنا مستحب ہے-

آپ کی لازوال قوت

ذہن لازوال قوت ہے اگر اسے صحیح طرح استعمال کیا جائے تو یہ ایک عظیم نعمت ثابت ہوتی ہے اپنے ذہن پر حکومت کرنے والے ستارے کا مطالعہ کریں پھر یہ معلوم کرنے میں دیر نہیں لگے گی کہ آپ کب اور کیسے غلطی کرتے ہیں۔ معلوم ہو جانے کے بعد آپ اس غلطی سے باآسانی بچ سکتے ہیں اور ذہنی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔







شمس زندگی دیتا ہے اور علم نجوم میں یہ انسان کی زندگی اور اس کی انفرادیت دونوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ پیدائش کے وقت جس برج میں یہ ہوتا ہے وہ برج بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے کیونکہ ہر شمسی برج کا ایک حاکم ستارہ ہوتا ہے اس ستارے کے اثرات اور شمس کے اثرات یکجا ہو کر آپ کی ذاتی خصوصیات پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

میں مثالی حملی یا اسدی یا قوسی شخص کے نظریئے کو نہیں مانتا بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ مختلف شمسی بروج کا ایک خاص ذہنی میلان یا رجحان ہوتا ہے جو ان نشان کی شخصیت کا اظہار کرتا ہے اس لئے کہ یہ انسان کا ذہن ہی ہوتا ہے جو اس کے طور طریقوں یہاں تک کہ اس کی ظاہری ہیئت پر بھی اثر انداز ہوتا ہے بلکہ ایک طرح سے حکومت کرتا ہے۔

اس ماہ جو تصویر دی گئی ہے وہ عطارد کی کئی صفات کی نمائندگی کرتی ہے اس لئے کہ عطارد ''ذہن پر حکومت'' کرتا ہے۔ تصویر میں اسے پردار جوتے پہنے ہوئے اور چھری اٹھائے ہوئے دکھایا گیا ہے جو ذہن کی ''لازوال قوت'' پر غلبہ پانیکی علامت ہے جبکہ سر کے اوپر نقش عطارد ہے جو ذہن کی قوتوں کو جلا بخشنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ہر زائچے میں تیسرا گھر ''ذہن'' پر حکومت کرتا ہے ذیل میں پہلے کالم میں ہر برج کے تیسرے گھر کا نام دیا گیا ہے اور تیسرے کالم میں ستاروں کے نام ہیں جو تیسرے گھر پر حکومت کرتے ہیں۔

شمسی بروج	تیسرا گھر	حاکم ستارہ
حمل	جوزا	عطارد
ثور	سرطان	قمر
جوزا	اسد	شمس
سرطان	سنبلہ	عطارد
اسد	میزان	زہرہ
سنبلہ	عقرب	پلوٹو
میزان	قوس	مشتری
عقرب	جدی	زحل
قوس	دلو	یورنس
جدی	حوت	نپ چون
دلو	حمل	مریخ
حوت	ثور	زہرہ

عطارد ایک ایسا ستارہ ہے جو ہر چیز میں دلچسپی کی نشاندہی کرتا ہے۔ اچانک جوش وخروش اور بڑے بڑے اور شاندار خیالات پیدا کرتا ہے لیکن چونکہ یہ تیز رفتار ستارہ ہے۔ لہٰذا ایسا جوش وخروش زیادہ دیر باقی نہیں رہتا۔

عطارد آپ کی سوچ کی لازوال قوت پر حکومت کرتا ہے۔ اس لئے کہ آپ جو کچھ سوچتے ہیں وہی کچھ بن جاتے ہیں اگر قدم اٹھانے سے پہلے ہر پہلو پر غور کر لیں تو آپ کامیاب وکامران رہتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی یاد رکھئے کہ ایسی سوچ جو عمل سے خالی ہو انسان کو زیادہ دور نہیں لے جا سکتی۔

ذیل میں ہر برج سے متعلقہ افراد کی سوچ اور ذہنیت کا ذکر کیا جا رہا ہے اس کا مطالعہ کیجئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

حمل اور سرطان

حملی سرطانی افراد کے تیسرے گھر پر عطارد حکومت کرتا ہے۔ عطارد ایسا ستارہ ہے جو نوجوان افراد اور نئی چیزوں میں دلچسپی پیدا کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ نئے نئے خیالات میں بھی دلچسپی پیدا کرتا ہے۔ چنانچہ حملی افراد کسی بھی چیز میں شدت سے دلچسپی لے سکتے ہیں۔ لیکن یہ دلچسپی زیادہ عرصہ برقرار نہیں رہتی۔

حملی اور سرطانی افراد جانوروں میں دلچسپی رکھتے ہیں اس کے علاوہ صحت سے متعلق بے حد فکر مند اور پریشان رہتے ہیں یا پھر غذا اور طب میں دلچسپی لینے لگتے ہیں سرطانی افراد گھر اور بچوں سے بے حد محبت کرتے ہیں بعض حملی افراد میں بھی بالکل یہی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

ثور

ثوری افراد کی ذہنیت پر قمر حکومت کرتا ہے۔ قمر غذائیت اور گھر سے منسوب ہے۔ لہذا ثوری افراد عموماً اچھے کھانوں اور گھریلو آرام و آسائش کے بے حد شوقین ہوتے ہیں یہ زندگی میں تنوع کے خواہاں رہتے ہیں اور سفر کرنا (قمری اثر) بہت پسند کرتے ہیں۔

ثوری افراد پر عموماً ان کی ماں کا گہرا اثر پایا جاتا ہے اس لئے کہ قمر ماں سے منسوب ہوتا ہے۔

جوزا

جوزا سے متعلقہ افراد طرح طرح کی دلچسپیاں رکھتے ہیں۔ ان کی ذہنیت پر شمس کی حکومت ہوتی ہے جس کے گرد ہمارا نظام شمسی گردش کرتا ہے اسی طرح جوزا سے متعلقہ افراد کی زندگیاں بھی ان کی ذہنی دلچسپیوں کے گرد گھومتی ہیں یہ بہت سے کاموں کی عدم موجودگی میں بالکل خوش نہیں رہتے۔

لیکن جیسے ہی کسی چیز میں دلچسپی کم ہوتی ہے اسے فوراً چھوڑ چھاڑ کر الگ ہوجاتے ہیں۔ جوزا سے متعلقہ افراد مشہور لوگوں سے واقفیت پیدا کرنا بہت پسند کرتے ہیں۔ (یہ بھی شمسی اثر ہے) اس کی وجہ یہ نہیں ہوتی کہ یہ امارات پرست ہوتے ہیں بلکہ وہ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ مشہور لوگوں میں کونسی خصوصیات ہوتی ہیں جو ان کی شہرت کا باعث بنتی ہے۔

اسد

اسدی افراد کا تیسرا گھر برج میزان سے ہے جس پر زہرہ حکومت کرتا ہے اگرچہ اسدی افراد اپنی ذات میں محو رہنے کے لئے مشہور ہوتے ہیں لیکن چوں کے ان کی ذہنیت پر زہرہ کی حکومت ہوتی ہے اس لئے یہ عموماً آرٹسٹک یا میوزیکل کیریئر اختیار کرتے ہیں۔

اسدی افراد تعیشات، خوبصورتی، سیر و تفریح اور فنون لطیفہ کے شوقین ہوتے ہیں اور دوسروں سے متعلق بہت منصفانہ سوچ رکھتے ہیں اور بے تعصب ہوتے ہیں دوسروں کے حقوق کا پورا احساس رکھتے ہیں اگر یہ ضرورت سے زیادہ اپنی ذات میں گم ہونے لگیں تو زہرہ کا اثر انہیں اپنے آپ سے یہ پوچھنے پر مجبور کردیتا ہے کہ ''کیا واقعی میرا یہ رویہ درست ہے؟'' اور تجزیئے کے بعد اگر انہیں یہ احساس ہو کہ وہ غلطی پر ہیں تو وہ فوری طور پر معاملہ درست کرلیتے ہیں۔

سنبلہ

سنبلہ سے متعلقہ افراد کے ذہن پر پلوٹو کی حکومت ہوتی ہے جو انتہائی گہرائیوں کا ستارہ ہے۔ سنبلہ سے متعلقہ افراد کے متعلقہ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ تفصیلات کے بہت شوقین ہوتے ہیں جب کہ ایسا نہیں ہے دراصل ان کی یہ خصوصیت کسی بھی معاملے کی تہہ تک پہنچنے کی خواہش کو چھپانے کے کام آتی ہے۔ پلوٹو انہیں ضابطے کی پابندی سکھاتا ہے کیوں کہ اس طرح زیادہ عمیق چیزوں کو سمجھنے کے لئے وقت کی بچت ہوجاتی ہے اور سنبلہ سے متعلقہ افراد ذہنی لحاظ سے بہت مکمل ہوتے ہیں یعنی وہ جو بھی کام کرتے ہیں اس کے متعلق بہت گہرائی میں سوچتے ہیں۔

سنبلہ سے متعلق کوئی شخص جب کسی معمولی تفصیل کے متعلق ہنگامہ مچاتا ہے تو اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اس کے ذہن میں کوئی بڑا اور اہم مسئلہ ہوتا ہے جو اسے پریشان کررہا ہوتا ہے چھوٹی چھوٹی باتوں اور تفصیلات پر ہنگامہ کرنے سے اسے معاملات کو ترتیب دینے میں مدد ملتی ہے اس لئے کہ اس طرح بڑے مسائل کو وہ عارضی طور پر پس پشت ڈال دیتا ہے اور اس دوران اسے مسئلے کا حل سوجھ جاتا ہے۔ تاہم سنبلہ سے متعلقہ افراد کو جب واقعی کوئی بڑا مسئلہ درپیش ہوتا ہے تو وہ اپنے ردعمل اور تحقیقات سے دنیا کو ہلا کر رکھ سکتے ہیں اور یہ جھنجھوڑ ڈالنے کی صلاحیت یا صفت انہیں پلوٹو کی وجہ سے ملتی ہے۔

میزان

میزانی افراد کے تیسرے گھر کا حاکم ستارہ مشتری ہے جو وسعت لانے والا تعیشات سے محبت کرنے والا اور دوستی کا ستارہ ہے یہی وجہ ہے کہ میزانی افراد عمدہ اور نفیس چیزیں پسند کرتے ہیں سخت محنت کو ناپسند کرتے ہیں اور پیدائشی خوش امید ہوتے ہیں۔

مشتری کے اثر کی وجہ سے یہ بڑے بڑے منصوبے بناتے ہیں لیکن ان پر اکثر عمل نہیں ہوتا کیونکہ میزانی افراد آرام طلب اور سست ہوتے ہیں اور ان کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ آسانی سے جو کچھ حاصل ہوسکتا ہے اسے حاصل کرلیں اس کے ساتھ ہی ساتھ میزانی افراد اس قدر اعلیٰ ظرف ہوتے ہیں کہ یہ دوسروں کو ہر معاملے میں معاف کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔

عقرب

عقربی افراد کی ذہنیت پر زحل کی حکومت ہے چنانچہ عقربی افراد شاذ و نادر ہی کوئی چیز بھولتے ہیں کیونکہ زحل ماضی پر حکومت کرتا ہے۔ زحل کے اثر کی وجہ سے عقربی افراد ہر معاملے میں تاریک پہلو پر نظر رکھتے ہیں اور یہ ایک طرح سے اچھی بات بھی ہے کہ وہ یہ ہمیشہ یاد رکھتے ہیں کہ خوشی کے ساتھ ساتھ دکھ بھی ملتے ہیں۔

ذہن پر زحل کی حکومت ان کے خیالات کو گہرائی اور فضیلت عطا کرتی ہے اس کے ساتھ ہی ساتھ ان میں یہ صلاحیت بھی پیدا کرتی ہے کہ یہ ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہیں تاہم جو کچھ سیکھا جاچکا ہے اس کی روشنی میں آگے قدم بڑھانا زحل اکثر نہیں سکھاتا۔ عقربی افراد ذہنی لحاظ سے خوش امید نہیں ہوتے لیکن محنتی، قوت، برداشت رکھنے والے اور قابل اعتبار ہوتے ہیں۔

قوس

نئے خیالات نئے طریقوں اور فوری تبدیلیوں کا ستارہ یورنس قوسی افراد کے تیسرے گھر پر حکومت کرتا ہے- یہ افراد مطابقت پذیر ہوتے ہیں لیکن یورنس چونکہ تمام نئی چیزوں پر حکومت کرتا ہے اس لئے قوسی افراد نئی چیزوں کے پیچھے بھاگنے والے ہوتے ہیں اور اپنا ذہن اور ارادے اس قدر تیزی سے تبدیل کرتے ہیں کہ ان کے ساتھی حیران وششدرہ رہ جاتے ہیں-

کوئی شخص بھی یقین سے یہ نہیں کہہ سکتا ہے کہ قوسی افراد جو کچھ آج کہہ رہے ہیں کل بھی وہی کچھ کہیں گے- اس لئے کہ آنے والا دن ان کے ارادے اور خیالات تبدیل کر سکتا ہے- ذہن پر یورنس کا اثر بہت تیزی سے واقع ہوتا ہے چنانچہ قوسی افراد ذہنی لحاظ سے بہت چست مگر تغیر پذیر ہوتے ہیں-

جدی

جدی سے متعلقہ افراد اس لحاظ سے خوش نصیب ہیں کہ ان کے ذہن پر نپ چون حکومت کرتا ہے ورنہ وہ انتہا درجے کے قنوطی اور یاس پسند ہوتے ہیں ان کے لئے نپ چون کا یہ لطیف اثر بہت ضروری ہے تاکہ وہ بعض اوقات زندگی سے لطف اندوز ہوسکیں- جدی سے متعلقہ افراد کا ذہن جلد متاثر ہونے والا ہوتا ہے- (نپچون کا اثر) خوبصورتی اور فنون لطیفہ سے بہت متاثر ہوتے ہیں جدی سے متعلقہ اکثر افراد میں آرٹسٹک صلاحیتیں موجود ہوتی ہیں لیکن وہ اپنی صلاحیتوں کو ہمیشہ کم تر گردانتے ہیں اور دوسروں کو ہمیشہ اپنے سے زیادہ ذہین سمجھتے ہیں-

کوئی نہیں جان سکتا کہ ان کے ذہن میں کسی وقت کیا بات ہوتی ہے اس کی وجہ نپ چون کا دہرا اثر ہے- جدی سے متعلقہ افراد بے حد موجی اور متلون مزاج ہوتے ہیں اور بعض اوقات دوسروں کو ایسی باتوں سے حیران کر دیتے ہیں جس کی ان سے توقع نہیں کی جاسکتی نپچون ذہن کو تاریک بھی کر سکتا ہے- یہی وجہ ہے کہ یہ دوسروں کو پہنچاننے میں دھوکہ کھا جاتے ہیں اور بعض اوقات صورت حال کا انتہائی غلط اندازہ لگاتے ہیں- یہی وجہ ہے کہ جب یہ کوئی غلطی کرتے ہیں تو وہ انتہائی سنگین ہوتی ہے-

دلو

دلو سے متعلقہ افراد کی ذہنیت پر مریخ کی حکومت ہوتی ہے اور جیسا کہ آپ جانتے ہی ہیں کہ مریخی جوش وخروش انتہائی شدید اور جلا ڈالنے والا لیکن جلد ہی ختم ہو جانے والا ہوتا ہے- مریخ کے اثر کی وجہ سے دلو سے متعلقہ افراد کسی بھی چیز میں اور ہر چیز میں ''کچھ عرصے'' کے لئے دلچسپی لیتے ہیں- جب تک کسی چیز میں دلچسپی باقی رہتی ہے یہ ہر قسم کی رکاوٹوں کے باوجود مقصد کے حصول کے لئے کوشاں رہتے ہیں- کسی مقصد کے حصول کے لئے یہ ''انسان دوست'' افراد جس قدر غارت گری سے کام لے سکتے ہیں کوئی دوسرا ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا-

مریخ چونکہ ان کی ذہنیت پر حکومت کرتا ہے لہٰذا ان کا ذہن بھی اتنا تیز اور جنگجو ہوتا ہے جتنے ان کے افعال شدید اور جارحانہ ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ عموماً شدید تبدیلیوں کے دہانے پر ہی رہتے ہیں- مریخ ایسا ستارہ نہیں ہے جو غلطیوں سے سبق نہیں لیتے ان کے راستے میں آنا خطرناک اور تباہ کن ہوسکتا ہے- کیونکہ کسی بھی مقصد کے حصول کے لئے کوشش کرتے ہیں تو بہت تیزی سے آگے بڑھتے ہیں عموماً ڈھنگ سے سوچنے سے قبل ہی قدم اٹھا لیتے ہیں-

حوت

حوتی افراد کی ذہنیت پر شریف النفس ستارہ زہرہ حکومت کرتا ہے- یہی وجہ ہے کہ یہ امن سے محبت کرنے والا حساس اور ہمدرد طبیعت رکھتے ہیں- یہ اپنے ماحول میں ہم آہنگی پیدا کرنا پسند کرتے ہیں- خوبصورتی اور آسائشات کو سراہتے ہیں حوتی افراد کی خواہش ہوتی ہے کہ ان سے محبت کی جائے- (زہرہ کا اثر) یہ خود بھی اپنے محبوب اور شریک زندگی کے معاملے میں عموماً ضرورت سے زیادہ فیاض ہوتے ہیں- بعض اوقات یہ چیز خود حوتی افراد کے حق میں نقصاندہ ہوتی ہے-

لیکن زہرہ کی مانند یہ خود بھی ناپائیدار اور بے چین قسم کے ہوتے ہیں اپنے تعلقات میں اس قدر ناپائیداری کا اظہار نہیں کرتے جتنا اپنے خیالات اور نظریات میں ناپائیداری اور بے چینی ظاہر کرتے ہیں حوتی افراد اپنے حالات سے کبھی مطمئن نہیں ہوتے- ہر دوسری چیز کو اپنانے کے لئے تیار رہتے ہیں- انہیں اگر یہ پتہ چل جائے کہ ان کے گھر کے مقابلے میں گھر کے سامنے کھدا ہوا گڑھا زیادہ آرام دہ ہے تو وہ گھر سے نکل کر فوراً اس میں کود پڑیں گے- اور اس میں سے انہیں باہر نکالنا مشکل ہو جائے گا-

لیکن حوتی افراد خود اپنی غلطیوں پر ہنس سکتے ہیں اور ہنستے ہیں بالکل اسی طرح جس طرح یہ دوسروں کی غلطیوں پر ہنستے ہیں اور اسے تجربات میں ایک اضافہ سمجھتے ہیں- زہرہ چونکہ ان کی سوچ پر حکومت کرتا ہے اس لئے ان کے دل میں کدورت یا دشمنی شاذونادر ہی رہتی ہے-

تسدیس عطارد و مشتری

۱۶ ستمبر کی شام ۴ بجکر ۵۰ منٹ پر تسدیس عطارد مشتری ہے- عاملین ایسی ساعتوں کا انتظار کرتے ہیں- جو کبریت احمر کا حکم رکھتی ہیں- اگر عالم الغیب کا ہی حکم خاص اس عمل کے اثر کو روک دے تو اور بات ہے اور زیر قانون ''واللہ غالب علی امرہ'' مجبوری ہے مگر جہاں تک عاملین کی تحقیق اور قانون عملیات کا تعلق ہے اس عمل کا اثر یقینی ہے جن اصحاب کی ترقی رکی ہوئی ہے یا ملازمت نہ ملتی ہو یا کاروبار رک گیا ہے تو یہ نقش آپ کو خوش قسمتی سے ہمکنار کرے گا- مجھے اس پر کامل یقین دعا ہے- خداوند کریم آپ کو بھی اس سے کامیاب کر کے میرے یقین کا ممد ومعاون بنائے یہ خیال نہ کریں کہ نقش بالکل سادہ ہے اور اس کی ترکیب آسان سی ہے بلکہ جس طرح طب میں علاج بالمفردات ایک موثر طریق ہے اسی طرح عملیات میں بھی ایک قسم خاص ہے اس نقش معظم کو ۶۷۸ مرتبہ لکھو یہ اس کی زکوۃ ہے- ہر نقش کو علیحدہ علیحدہ کاٹ کر اور گولیاں بنا کر آٹے میں لپیٹ کر پانی میں ڈال دو- لیکن ایک اور نقش بھی لکھ لو- اس آخری نقش کو عطر میں معطر کر کے اور زرد ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر سچے اعتقاد سے اپنے پاس رکھ لیں- انشاءاللہ تعالیٰ ۲۱ یوم میں اس کا کھلا ہوا اثر معلوم ہو جائے گا- نقش ہمیشہ اپنے پاس رکھیں پاس رکھنے کی کوئی معیاد نہیں- مگر اثر اکیسویں دن سے ظاہر ہونا شروع ہو گا- نقش یہ ہے-

۲۹۲	۲۸۷	۲۹۵
۲۹۴	۲۹۱	۲۸۹
۲۸۸	۲۹۶	۲۹۰

نقش کی رفتار

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش لکھنے کے متعلق بھی سمجھ لیں- اگر ایک ہی نشست میں نقش لکھنے کا ارادہ ہو تو مندرجہ بالا وقت تسدیس سے اتنا پہلے لکھنا شروع کریں کہ آسانی سے اس وقت پر ختم ہو جائے اور اس تسدیس کے وقت میں صرف آخری نقش لکھنا پڑے اگر ایک ہی نشست میں ممکن نہیں تو چھ دن قبل نقش شروع کرو ہر روز ایک سو بارہ نقش لکھو اور ایک نقش پاس رکھنے والا لکھ لو پس عمل کی تکمیل ہو جائے گی- روزانہ نقش لکھنے کا وقت مقرر نہیں جو وقت پہلے مقرر کر لیں- اس کی پیروی روزانہ کریں کسی خاص قلم دوات اور کاغذات کی بھی ضرورت نہیں زکات کے نقوش کالی پنسل سے بھی لکھ سکتے ہیں مگر آخری نقش زعفران سے لکھنا ہو گا- نقش طہارت سے لکھا کریں- منہ مشرق کی طرف رکھا کریں- کوئی پرہیز نہیں- اگر چاہیں تو روزانہ نقش لکھ کر گولیاں بنا کر بھی دریا وغیرہ میں ڈال سکتے ہیں یا آخری دن سب نقوش کو بھی اکٹھا ڈال سکتے ہیں پانی ایسا ہو جس میں مچھلیاں ہوں اگر کسی جگہ ایسا پانی نہ ہو تو پھر کنویں میں ڈال دیں- وہ کنواں جس سے کھیتوں کو پانی ملتا ہو- اگر تسدیس کا دیا گیا وقت گزر جائے اور زیادہ وقت ایک گھنٹہ اوپر بھی ہو جائے تو پرواہ نہ کریں کام مکمل کر لیں-

زندگی کے ادوار

زہرہ کا دور اکبر

زہرہ کا دور اکبر ۲ سال کا ہوتا ہے- زہرہ کے دور اکبر زہرہ ہی کا دور اصغر یہ دور ۳ سال ۴ ماہ کا ہوتا ہے-

اگر زہرہ زائچہ میں موافق برج میں قابض ہو اور جوانی کا عالم ہو تو رنگین مزاجی دے گا اور اگر بڑی عمر ہو تو خوش مزاجی، سنجیدگی اور تعلقات میں ہم آہنگی پیدا ہو گی کاموں میں کامیابی ہو گی-

سیر و تفریح سے دلچسپی ہو گی اور عیش و عشرت کی زندگی حاصل ہو گی- شادی کی عمر ہو اور زہرہ ساتویں گھر کا حاکم ہو یا ساتویں میں قابض ہو تو خوبصورت شریک حیات دے گا اور پرمسرت ازدواجی خوشیاں حاصل ہوں گی- اگر شادی شدہ زندگی ہو تو خوبصورت لڑکی عطا ہو گی- دوستانہ تعلقات میں ہم آہنگی پیدا ہو گی اور دوستوں سے مدد حاصل ہو گی- بہتر کیریئر کی مخالفت ہے بشرطیکہ زہرہ دسویں گھر میں قابض ہو زہرہ کمزور ہو اور ناموافق برج میں قابض ہو تو جسمانی اور مالی حالت کمزور ہو گی- تعلقات میں اختلاف پیدا ہونگے محبت میں ناکامی ہو گی- ناموافق لوگوں سے روپیہ کی بربادی اور پریشانی ظاہر ہو گی-

شمس کا دور اصغر

زہرہ کے دور اکبر میں شمس کا دور اصغر یہ ایک سال کا ہوتا ہے-

شمس زائچہ میں قوی ہو اور موافق برج میں قابض ہو تو یہ دور ملازمت ہو یا کاروبار ترقی لائے گا عزت و وقار میں اضافہ کرے گا- اگر پیدائشی زائچہ میں شمس زہرہ سے قران رکھتا ہو اور مشتری سے سعد نظر ہو تو یہ دور زمین و جائیداد کے حصول میں بہت کامیابی لائے گا اور مالی حالت میں وسعت پیدا کرے گا-

شمس کمزور ہو تو نامناسب لوگوں کے ذریعہ عزت کا خطرہ ظاہر کرے گا- تعلقات میں اختلاف ظاہر کرے گا- ملازمت ہو یا کاروبار ذہنی پریشانیوں کا اظہار ہو گا-

قمر کا دور اصغر

زہرہ کے دور اکبر میں قمر کا دور اصغر یہ ایک سال ۸ ماہ کا ہوتا ہے-

اگر قمر ثور، سرطان یا میزان میں ہو اور جن کی ملازمت یا کاروبار عوام سے تعلق رکھتا ہو تو یہ دور عزت و شہرت میں کامیابی لائے گا- بہتر عہدہ ملے گا یا عہدہ میں ترقی اور بہتر مالی حالت کا اظہار ہو گا-

قمر کمزور ہو اور ناموافق برج میں قابض ہو تو یہ دور ہر قسم کی سٹہ بازی اور جوا میں ناکامی لائے گا- شریک حیات یا بچوں کی علالت کا اظہار ہو گا یا والدہ کی صحت سے متعلق پریشانی ظاہر ہو گی اور افسروں یا مالک سے ناخوشی کا اظہار ہو گا-

مریخ کا دور اصغر

زہرہ کے دور اکبر میں مریخ کا دور اصغر یہ ایک سال ۲ ماہ کا ہوتا ہے-

مریخ پیدائشی زائچہ میں قوی ہو تو یہ ان لوگوں کے لئے بڑا عہدہ یا انعام لائے گا- جن کا کام طاقت و قوت کا مظاہرہ کرنا ہوتا ہے اور بہتر مالی حالت کا اظہار ہو گا اور یہ ان لوگوں کو کامیابی دے گا جن کا پیشہ یا ملازمت مریخ کے منسوبات سے تعلق رکھتے ہوں-

مریخ کمزور ہو اور ناموافق برج میں قابض ہو تو یہ دور لاپرواہی کی وجہ سے کاروبار میں نقصان ظاہر کرے گا- ملازمت ہو تو پریشانی ہو گی- تخریبی کاروائی کے رجحانات ذہن میں لائے گا اور اگر عمل ہو تو عدالت کا قید و بند کا خطرہ ظاہر ہو گا یہ دور کاروبار اور خاندانی معاملات کے لئے بہترین ہو گا-

مشتری کا دور اصغر

زہرہ کے دور اکبر میں مشتری کا دور اصغر یہ ۲ سال ۸ ماہ کا ہوتا ہے-

مشتری موافق برج میں قابض ہو تو اس دور میں بہتر صحت اچھی پوزیشن، عزت و وقار میں اضافہ اور مالی خوش قسمتی ظاہر ہو گی اور اگر شادی کی عمر ہو تو خوش قسمت شادی کا اظہار ہو گا اور اگر شادی شدہ زندگی ہو تو اولاد عطا ہو گی-

مشتری ناموافق برج میں قابض ہو تو یہ دور قریبی رشتے داروں اور افسروں سے اختلافات ظاہر کرے گا- شاہ خرچی کے بعد مالی دقتیں پیدا ہوں گی- روپیہ یا جائیداد سے متعلق تنازعہ پیدا ہو گا-

زحل کا دور اصغر

زہرہ کے دور اکبر میں زحل کا دور اصغر یہ ۳ سال ۲ ماہ کا ہوتا ہے-

زحل موافق برج میں قابض ہو تو یہ بھائیوں سے یا بڑے لوگوں سے مدد اور خوشیاں دلوانے کا وعدہ کرتا ہے- کاروبار کے لئے یہ ایک بہتر دور ہو گا- کاروبار ہو یا ملازمت ترقی کے امکانات ظاہر ہو سکتے ہیں-

زحل کمزور برج میں قابض ہو تو یہ دور والدین سے محرومی کا اظہار کرتا ہے- ملازمت ہو یا

کاروبار ناتسلی بخش حالات کا اظہار ہوگا۔ شریک حیات یا بچوں کی علالت سے پریشانی ظاہر ہوگی۔

عطارد کا دور اصغر

زہرہ کے دور اکبر میں عطارد کا دور اصغر یہ ۲ سال ۱۰ ماہ کا ہوتا ہے۔

عطارد موافق برج میں قابض ہو تو یہ دور زیادہ تر کاموں میں کامیابی لائے گا اور بہتر ساتھیوں کی وجہ سے مفید اور کارآمد مشورے حاصل ہونگے اور سفر سے کامیابی حاصل ہوگی۔ ملازمت میں بہتر کارکردگی کی وجہ سے عہدہ میں ترقی ہوگی۔

عطارد ناموافق برج میں قابض ہو تو ممکن ہے ملازمت سے برطرفی یا تنزلی ظاہر ہو کاروبار میں نقصانات ظاہر ہوسکتے ہیں گھر سے دور ناتسلی بخش رہائش ہو۔ اگر عطارد ۶، ۲، ۷ میں قابض ہو تو بیماری کا خدشہ ظاہر ہوگا۔

تسدیس زہرہ و زحل

زہرہ و زحل کی تسدیس ۱۳ ستمبر کو صبح ۸ بجکر ۵۶ منٹ پر ہوگی۔ اگر کوئی شخص پاس رہنا نہ چاہے یا میاں بیوی میں سے کوئی خوش نہ رہتا ہو اور علیحدگی تک نوبت آ پہنچی ہو تو اس آیت کو روٹی پر انگشت شہادت سے وقت مقررہ پر لکھ کر اس کو اس وقت کھلا دیں جب کھانے پلانے کا وقت ہوتا ہے۔ انشاء اللہ پھر کبھی چھوڑ کر نہ جائے گا۔ آیت یہ ہے۔

یا ایھاالذین اصبروا رابطو وتقوالله لعلکم تفلحون

یہ آیت بخار اور خواب کے لئے بھی موثر ہے۔ تپ دق والے کو دوائی یا پانی پر ۲۱ بار دم کرکے پلائیں اور خواب میں ڈرنے والے کے گلے میں لکھ کر باندھ دیں۔

شرف عطارد

عطارد کو برج سنبلہ کے ۱۵ درجہ پر شرف ہوتا ہے یہ وقت ایک سال کے بعد خوش بخت لوگوں کو میسر آتا ہے۔ اس سال عطارد کو شرف ۱۳ ستمبر کی شام ۷ بجے سے ۱۴ ستمبر کو ۷ بجکر ۴۰ منٹ صبح تک رہے گا۔ ایک ہی ساعت میں کام پورا نہ ہو تو دوسری ساعت میں پورا کریں۔ عمل مقررہ وقت پر شروع کریں۔ ختم جب چاہے ہو۔ کوئی خیال نہ کریں۔ ختم کر کے اٹھیں۔ عمل تیار کرتے وقت بخور لوبان اور زعفران جلائیں۔ عمل پہلے سے تیار کر کے رکھیں تا کہ غلطی کا امکان نہ رہے۔

شرف عطارد میں چند قسم کے اعمال کئے جاتے ہیں جو اکثر لوگوں کے لئے بہت سعادت اور خوش بختی لاتے ہیں۔ وہ لوگ جو افسروں کی تسخیر کے خواہاں ہیں۔ وہ لوگ جو علوم حکمیہ کے خواہاں ہیں۔ وہ لوگ جو لیکچرار اور لیڈر ہیں اور قوت فصاحت و بلاغت کے خواہاں ہیں اور مریضوں میں سے وہ لوگ جو مالیخولیا' صرع فاتر العقلی اور کسی بھی قسم کی ذہنی کمزوری یا خرابی میں مبتلا ہیں۔ اس وقت سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں یا وہ لوگ جو امتحان میں کامیاب ہونا چاہتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے عمل تیار کرسکتے ہیں۔

تسخیر افسران' حصول ملازمت معزولی سے تقرری

وہ افراد جن کو ملازمت سے برخواست کردیا گیا ہو اور وہ واپس وہاں جانا چاہتے ہوں یا تنزلی میں آچکے ہوں یا کسی اور وجہ سے حاکم کی تسخیر مطلوب ہو یا ترقی کئی سال سے رکی ہوئی ہو تو ان مقاصد کے لئے طریقہ یہ ہے کہ طالب کا نام معہ والدہ اس کے بعد حروف صوامت اح درس ص ط ع ک ل م وہ پھر حاکم کا نام معہ عہدہ لکھ کر تکسیر جفری تیار کریں۔ اب اس کے دست راست کی ہر سطر کا حرف اول لکھیں۔ ان کو گنیں اگر جفت ہوں تو چار چار حروف کے کلمات بنالیں۔ اگر طاق ہوں تو تین تین یا پانچ پانچ حروف کے کلمات بنالیں۔ اسی طرح دست چپ کی طرف سے ہر سطر کا آخری حرف لے کر ان کے بھی کلمات بنالیں۔ تمام تکسیر کا نقش مسدس تیار کرکے اس کے اردگرد یہ کلمات تکسیر لکھیں ایک نقش اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ دوسرا اگز رگاہ یا دفتر یا مکان افسر میں یا باہر گاڑ دیں۔ کہ اوپر سے گزرے۔ پھر درخواست دیں یا ملاقات کریں۔ اگر دونوں باتیں کرچکے ہیں تو انتظار کریں آپ کا کام ہوجائے گا۔

نقش مسدس کو پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد میں سے ۱۰۵ عدد تفریق کر کے باقی کو ۶ پر تقسیم کریں اور جو حاصل قسمت ہو اس کو خانہ اول میں رکھ کر نقش پر کریں۔ اگر تقسیم کے بعد ایک باقی بچے تو خانہ ۳۱ میں ایک کا اضافہ کردیں اگر ۲ باقی ہوں تو خانہ ۲۵ میں اگر ۳ باقی ہوں تو خانہ ۱۹ میں اگر ۴ باقی ہوں تو خانہ ۱۳ میں۔ اگر ۵ باقی ہوں تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کردیں۔ نقش پر ہو جائے گا۔ نقش تیار کرنے کے بعد چاروں طرف سے میزان کر کے دیکھ لیں تا کہ غلطی نہ رہے۔

رفتار مسدس یہ ہے۔

۱	۱۸	۳۱	۳۰	۱۹	۱۲
۲۴	۲۸	۲	۱۱	۳۳	۱۳
۳۲	۱۰	۲۳	۱۴	۳	۲۹
۹	۳۴	۲۲	۱۵	۲۷	۴
۲۰	۸	۲۶	۳۵	۸	۱۷
۲۵	۱۶	۷	۶	۲۱	۲۶

تکسیر کا طریقہ اس سے قبل کئی بار رسالہ میں دیا جاچکا ہے اس لئے نہیں دیا جارہا۔ بار بار مثالوں اور حوالوں سے رسالہ کے صفحات ضائع ہوتے ہیں لہذا وہ افراد جنہیں تکسیر نہیں آتی وہ قواعد عملیات کا مطالعہ کریں۔

اسم الٰہی الباعث

عطارد قوت تسخیر افسران حصول علوم حکمیہ' حصول ملازمت' کند ذہنی دور کرنے' امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے قوی الحافظہ ہونے کے اسباب کار سے وابستہ ہے ان کاموں میں سے کوئی کام رکا ہوا ہو۔ اس کے ظاہراً اسباب نظر نہ آتے ہوں تو اس شرف کی قوت سے مدد لیں۔ اللہ پاک حکم کاملہ سے ایسے اسباب پیدا کردے گا کہ کام اور مقصد پورا ہوجائے گا۔ اس عمل کو چند بار پہلے بھی دیا جاچکا ہے۔ بلاشبہ بے شمار لوگوں نے فیض حاصل کیا ہے۔ اس لئے دوبارہ دیا جارہا ہے۔

ایک دفعہ حضرت عمر خراسانی کنویں میں گر گئے تو عہد کیا کہ سوائے خدا کے اور کسی سے فریاد نہ کرونگا چنانچہ لوگ گزرتے گئے مگر کسی نے نہ نکالا بلکہ بعض آنے والوں نے کنویں کا منہ بند کردیا تا کہ کوئی راہ گیر نہ گر پڑے تھوڑی دیر میں ایک درندے نے آکر وہ مٹی اٹھادی اور وہاں بیٹھ گیا اس کی دم کنویں میں لٹک گئی اور وہ اس دم کو پکڑ کر باہر آگئے مجھے اس وقت غیب سے آواز آئی کہ تم نے ہم سے امداد کی درخواست کی اور ہم نے ایسے طریقے سے امداد کی کہ تیرے وہم وگمان میں بھی نہ تھا۔

اب دیکھئے کہ گو حضرت نے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے مدد کی درخواست نہیں کی تب بھی وسیلہ اسی جانور کی دم تھی ہر حالت میں انسان جب تک ظاہری اسباب کا وسیلہ نہ ملے گا۔ کامیاب نہیں ہو سکتا ہاں یہ بات ضروری ہے کہ رضائے الٰہی پر راضی رہے اور وسیلہ پیدا ہونے تک صبر سے انتظار کرے۔ وہ مسبب الاسباب ہے۔ ضرور وسیلہ پیدا کریگا۔ مسبب الاسباب کے وسیلہ میں سے ایک وسیلہ اسم الٰہی الباعث کا ہے۔ آپ کسی بھی حاجت یا مقصد کے حصول کے لئے اس اسم کی روحانیت

سے مدد لے سکتے ہیں- الباعث کا ستارہ بھی عطارد ہے اور معنی بھی یہی ہیں- سبب پیدا کرنے والا- اس کی برکت سے ہر حاجت پوری ہو گی- اگر کسی کو ملازمت نہیں ملتی یا مناسب جگہ ملازمت نہیں زیادہ ترقی نہیں ہوتی یا رزق و روزگار میں تنگی ہے یا قرض ہے یا آمدن اتنی کم ہے کہ گزر نہیں ہوتا یا امتحان سر پر ہیں تو یہ عمل کام کرے گا-

طریقہ اس کا یہ ہے کہ وقت مقررہ پر علیحدہ پاک صاف جگہ بیٹھ جائیں- بخور مصطکی کا جلائیں اور ایک سیسہ کی تختی پر کسی نوکدار چیز سے اس اسم کا مندرجہ ذیل نقش مربع ذوالکتابت لکھیں- نقش کے اوپر بسم اللہ شریف لکھ کر نیچے اس کے موکل جعثائیل کا نام لکھیں نیچے مقصد اس طرح لکھیں- یا الٰہی یا مسبب الاسباب فلاں کے لئے فلاں کام کے اسباب پیدا کر دے- یا الباعث کا نقش یہ ہے-

جعثائیل

ال	ب ا	ع	ش
۷۱	۴۹۹	۲۳	۲
۴۹۸	٦۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۴۹۷	٦۹

نقش کی رفتار یہ ہے-

۱	٦	۱۱	۱٦
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

اب ٦۰۴ مرتبہ اسم الباعث کا ورد کریں اور اپنے مقصد کی دعا مانگیں- دعا کرتے وقت اور ورد کرتے وقت نقش کی تختی نظر سے ہٹنے نہ پائے- دعا کے بعد کہیں- اے جعثائیل میں بحکم خدا کہتا ہوں کہ میرا فلاں کام سرانجام دے دو- یہ فقرہ نہایت سکون اور پرزور الفاظ میں ادا کریں اور یقین کر لیں کہ چونکہ میں نے ایک بات کا حکم دیا ہے اس لئے کام ضرور ہو گا اور جو ممکن ہو خیرات و نیاز دلائیں-

اب ہر صبح منہ ہاتھ دھو کر الباعث کا ورد گیارہ مرتبہ کریں اور پھر بدستور موکل کو حسب سابق حکم دیں- اس کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ہو- اسی طرح رات کو سونے سے بیشتر ہر روز کیا کریں یہ روزانہ کا عمل کسی بھی جگہ مکان یا باہر کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر سکتے ہیں- البتہ تنہا ہونا ضروری ہے- جب تک کام نہ ہو اس معمول کو جاری رکھیں- انشاء اللہ غیب سے کامیابی کے اسباب پیدا ہوں گے اور مقصد پورا ہو جائے گا-

تثلیث عطارد و زحل

۷ستمبر کی شام ۵ بجکر ۱۹ منٹ پر تثلیث ہوگی- وہ شخص جسے کسی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو اور حکماء اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں- وہ اس طریقہ کو کرے- خواہ کتنا ہی مریض کیوں نہ ہو- حکم ربی سے شفا پائے گا طریقہ اس کا یہ ہے کہ بیس سیر گندم مریض خود خرید کر لائے کوئی اور نہ لائے گندم پر یہ دعا پڑھے- اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو کسی سے سات بار پڑھوا کر دم کروالے- پھر مریض چت لیٹ جائے اور عامل یا کوئی اور گندم کو مریض کے سر اور سینہ پر آہستہ آہستہ کھنڈوائے پھر اسے مریض اکٹھا کرے اور چار حصے کر کے چاروں درویشوں کو دیدے- انشاءاللہ صحت ہوجائے گی میں نے پہلے بھی اس عمل کو لکھا تھا تو بہت لوگوں نے کیا اور اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو شفا دی- عجیب تحفہ ہے- گندم پہلے سے خرید کر لائی جاسکتی ہے- دم کرنا، کھنڈانا اور اکٹھا کرنا، وقت مقررہ پر ہوگا- دعا یہ ہے-

اللھم انی اسلك باسمائك الذی اذا اسلك به المضطر کشفت ما به من ضرو علت له فی الارض و جعلته خلیفتك علی خلقك وان نصلی علی محمد و ال محمد و ان تعا فنی فی علتی برحمتك یا ارحم الراحمین -

رموز الجفر

حروف، عناصر، اسمائے الٰہی، اعداد اور ارواح فلکی کے امزجہ سے عالم سفلی میں تصرفات کی حکمت یہ حضرت کاش البرنیؒ کے معمولات کا لاثانی خزانہ ہے- جس کے اعمال متعدد مرتبہ تجربہ کی میزان پر تلے ہوئے ہیں، اس علم جفر کے صدیوں کے سربستہ رازوں کا انکشاف کیا گیا ہے، نقاط جفر کی تشریح کے ساتھ ساتھ اعمال کے فہم و تفہیم کے لئے مثالیں دی گئی ہیں- حصول خواہشات اور مراد براری کے وہ موثر قواعد بیان کئے گئے ہیں- جو بمنزلہ تاثیر کے طلسم سے بھی عظیم تر ہیں- ان میں کسی چلہ کشی کی ضرورت نہیں، محض وقت اور ترکیب سے ہی تاثیر پیدا ہوجاتی ہے-

اس میں ۹ ابواب ہیں جن میں ۱۳۵ تیر بہدف عملیات ہیں-

باب اول اسمائے اللہ الحسنیٰ اور ان کے اعمال کا طریقہ-

باب دوم حل المشکلات وطلب حاجات کے خاص قواعد-

باب سوم حب وتسخیر و حاضری مطلوب کے تکسیری راز-

باب چہارم بغض عداوت، اخراج و بیماری دشمن کے موثر اعمال-

باب پنجم حصول رزق، کشائش، علوئے مرتبت در اسباب کار کے ذرائع-

باب ششم تسخیر حکام، تسخیر خلق، تحفظ غضب حاکم کے خاص اعمال-

باب ہفتم زباں بندی، راہ بندی، حفاظت، ناجائز مطالبات کی بندش وغیرہ عقود-

باب ہشتم جملہ کواکب کے شرف، اوج و موثر نظرات کے اعمال-

باب نہم متفرقات، امراض، گریختہ ہفت خواتیم وغیرہ-

۲۰۸ صفحات- ہدیہ =/۴۲۵ روپے- محصولڈاک علاوہ- نوٹ:- صرف وہ لوگ منگوائیں جن کی ذہنی قوتیں اچھی ہوں، حساب داں ہوں اور حل کرنے کی سعی سے گریز کرنے والے نہ ہوں-

اوراق پبلشرز کراچی

خواب اور تعبیر

خواب برحق ہے اس کی تعبیر کا علم عالم الغیب کے خود حضرت یوسف علیہ السلام کو تعلیم فرمایا تھا- مطلب یہ کہ اس کی تعبیر کا علم انبیاء کے حصہ میں آیا ہے جناب صدیقہؓ نے عرض کیا کہ مبشرات سے کیا مراد ہے تو حضورﷺ نے ارشاد فرمایا خواب نیکو کارہ-

ایک حدیث میں ہے کہ لوح محفوظ پر ایک فرشتہ مامور ہے اس کا نام ملک الردیاء ہے اس کو حکم ہے کہ جو امور فرزند آدم پر وارد ہونے والے ہیں ان کو خواب میں دکھائے-

خواب میں بعض لوگوں کو ہونے والے واقعات سے آگاہی دی جاتی ہے بعض کو ان کے افعال سے آگاہ کیا جاتا ہے اور اللہ کے بندوں کو نیک کاموں کی بشارت دی جاتی ہے جو لوگ اشراق کی نماز پڑھتے ہیں اور باطہارت سوتے ہیں ان کو بعض امور یا حالات پر آگاہی دی جاتی ہے اور وہ لوگ جن کی روزی حلال سے ہو- سچ بولنے والے ہوں ان پر بھی رویائے صادقہ نازل ہوتی ہیں-

حضرت آدم علیہ السلام نے خواب میں حوا کو دیکھا جب بیدار ہوئے تو حوا کو پہلو میں پایا جناب الٰہی نے فرمایا اے آدم یہ کون ہے عرض کیا یہ حوا ہے جس کو میں نے عالم خواب میں دیکھا تھا-

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب آیا جس کی تعبیر میں آپ حضرت اسماعیل کے ذبح پر آمادہ ہوئے- قرآن میں فرعون کا خواب ہے یعنی کافر بادشاہ کا- حضرت یوسف کا خواب ہے جو بچہ کا خواب تھا- حضرت ابراہیمؑ کا خواب ہے یعنی پیغمبر کا خواب' حضرت یوسف علیہ السلام کے زندان خانہ میں غلام کا خواب تھا- حضرت سرور کائناتﷺ نے خواب میں دیکھا تھا- بعید بن عصم نے سحر کر کے کنویں میں ڈالا ہے- صبح کو آپ نے بیان کیا اور کنویں سے حضور کے موئے مبارک نکالے گئے-

صبح کا خواب سریع الاثر ہوتا ہے اس کی مدت ظہور چالیس دن سے سات برس تک ہے یہ بھی ضروری کہ خواب صحیح صحیح بیان کرے اس میں آگے پیچھے بھی نہ کرے حدیث میں آیا ہے جب خواب سے بیدار ہو تو پھر نہ سوئے نقد مطلب ہاتھ سے نہ کھوئے سو جانے سے تاثیر بدل جاتی ہے بہتری کے عوض برائی پیش آتی ہے اور اگر خواب بد نظر آئے گھبرا کر آنکھ کھل جائے تو زمین پر تھوک دے پھر کروٹ بدلے اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کے بعد آیت الکرسی پڑھے- اگر چاہے کہ بد خواب کی تاثیر نیکی میں بدل جائے تو پھر اٹھ بیٹھے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے- پہلی رکعت میں قل اعوذ برب الفلق اور دوسری میں قل اعوذ برب الناس پڑھے تو اس خواب کی تاثیر بدل جائے گی اور مسرت وخوشی شامل حال رہے گی-

نماز صبح تک توبہ استغفار کرتا رہے اور سورج نکلنے کے بعد صدقہ وخیرات حسب توفیق دے کہ نحوست دور ہو- تعبیر بتادینے والے کو بھی لازم ہے کہ آغاز سے انجام تک تمام امور ذہن میں رکھے اور غور وفکر سے تعبیر دے ایک کا خواب دوسرے سے نہ کہے شب کو خواب کی تعبیر نہ مانگنی چاہئے بچے اور جاہل سے بھی تعبیر نہ مانگنی چاہئے-

خواب کی تعبیر میں بھی خواب دیکھنے والے کے منصب اور مرتبہ کے لحاظ سے تعبیر بیان کی جاتی ہے مثلاً بخت نصر نے خواب میں دیکھا تھا کہ آگ شام کی جانب سے مشتعل ہوئی اور مصر تک پہنچی- معبر نے بیان کیا کہ شام سے ایک عظیم شخص لشکر لے کر آئے گا اور تجھ کو معہ لشکر خاک میں ملا دے گا- ظاہر ہے اگر یہ عام آدمی خواب دیکھتا تو اس کی تعبیر یہ نہ ہوتی-

درخت دیکھنا رفعت کی دلیل ہے اس لئے کہ درخت اوپر کی طرف بڑھتا ہے' زین و پالان' آزار' زیب و زینت سے عورت مراد ہوتی ہے- اجناس غلہ' خرما دفواکہت کا تعلق صحت سے ہوتا ہے' شجر ثمور دار' گلدار' عطریات سے شوکت کا گمان کرے' دریا' چشمہ' دیوار و در' آلات حرب سے مراد بادشاہ وحکمرانی لے' شیر و جانور درندہ سے مراد مال حلال' شراب سے مراد خراب حالات یا اجداد سے مراد ہوتی ہے- مسکراہٹ سے بیماری' لہولعب سے رسوائی غرض یہ کہ ایک امر کو دوسرے کے مطابق کرے اور نتیجہ احسن نکالے- بے سمجھے اور فکر کی بات زبان پر نہ لائے تو ضرور اسرار غیب سے آگاہی ہوگی-

بعض معبرین قاعدہ حساب سے تعبیر نکالتے ہیں یہ اس وقت کیا جاتا ہے جب خواب کا مضمون صحیح طور پر سمجھ میں نہ آئے تو خواب دیکھنے والے کا نام معہ والدہ دریافت کرے اس میں خواب دیکھنے

کی قمری تاریخ بھی جمع کرے اور گیارہ پر تقسیم کردے۔

اگر ایک باقی رہے تو اچھی تعبیر دے۔محبت وغیرہ۔
۲ - باقی رہیں تو رنج میں مبتلا ہو زیاں کار کا سامنا ہو مگر نقصان سے بچے۔
۳ - باقی رہیں تو تین شخصوں سے نفع پہنچنے کے اسباب پیدا ہوں۔
۴ - باقی رہیں تو فکر کامل حاصل ہو علم تنجیم حاصل ہو۔
۵ - باقی رہیں تو افسر ہو جائے یا آلات حرب مفت پائے۔
۶ - باقی رہیں تو چھ دن یا چھ ماہ یا چھ سال میں دولت ملے۔
۷ - باقی رہیں تو جانوروں سے فائدہ ہو یعنی غیر جنس سے دولت ملے۔
۸ - باقی رہیں تو حوادثات و آفات کا حفظ کرے ہر امر میں احتیاط رکھے۔
۹ - باقی رہیں تو فتنہ دین و دیانت میں پائے۔مگر ظفر پائے دشمن کو ندامت ہو۔
۱۰ - باقی رہیں تو ثواب عظیم پائے پرہیز گار مشہور ہو۔صفر باقی رہے تو بزرگی و سرداری پائے۔

ایک اور طریقہ بھی ہے جو تعبیر بالحرف کہلاتا ہے خواب دیکھنے والا کیفیت بیان کرے تو معبر گوش دل سے سنے پہلے جو حرف اس کی زبان سے نکلے اسے یاد رکھے اور اس سے خواب بیان کرے۔

الف سے امن واسلام اسپ یا اشترے
ب سے بقاو بشارت یا بلا ہائے بد
ت سے تہنیت و تہدید۔تبدیلی سمجھے
ث سے ثابت قدم ثناخواں
ج سے جمال وجلال
ح سے حیا، حیات
خ سے خیر و خوبی شامل ہو۔
د سے دولت و نعمت پائے دنیا سے بے خبر ہو
ذ سے ذکر خیر سے شاد رہے۔
ر سے تمام وقت راست رہے۔
ز سے زہد و زیادتی، زیان، زوال خواب کے مطابق بیان کرے۔
س سے زیادتی سن و سال یا سہو۔
ش سے شکر، شادی، شہادت یا شرک وشر
ص سے صابت یا صعوبت
ض سے ضوضیاء ضعف
ط سے طہور، طرب
ظ سے ظرافت، ظلم، ظلمت
ع سے علم عرفان حاصل ہو۔
غ سے غصہ وغم
ف سے فقہیہ، فہم یا فتنہ وفساد سے رنج پائے
ق سے قوت وقدرت یا قہر وقلت
ک سے کمال وکفالت
ل سے لطف ولطافت
م سے محبت، مشقت ومصیبت
ن سے نعمت ونصرت یا نسیان وندامت ہو
و سے وقار پائے
ہ سے ہدیہ وہدایت ہو یا ہول وہلاکت ہو
ی سے یمن و یسیار

غرض یہ کہ خواب کی نوعیت سے اچھی یا نحس تعبیر دے کتب صحیحہ میں ہے کہ تعبیر میں خواب فعلی کا لحاظ ضرور رکھے ایک دن ایک شخص حضرت یوسف علیہ السلام سے عرض پیرا ہوا کہ میں نے خواب میں ستر دینار پائے آپ نے فرمایا ستر ہزار پائے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کچھ عرصہ بعد پھر اس نے خواب میں یہی دیکھا مسرور و شاد حضرت یوسف علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔آپ نے فرمایا تو تہمت میں گرفتار ہوگا اور ستر درہ سزا ملے گی۔ وہ نہایت آشفتہ ہوا اور کہا پہلے آپ نے اس خواب کی تعبیر میں یہ کہا تھا اور اب تعبیر نحس دی ہے۔آپ نے فرمایا اس وقت موسم بہار تھا۔شجر و نباتات پھل در پھول سے آراستہ تھے اب موسم خزاں ہے۔

قمری تاریخوں کے متعلق بھی لکھا ہوا ہے اور یہ نظریہ بھی درست ہے۔

۶، ۷، ۹، ۸، ۱۰، ۱۵، ۱۸، ۱۹، ۲۶، ۲۷، ۳۰ تاریخوں کے خواب سچے ہوتے ہیں۔
۴، ۵، ۱۱، ۱۲، ۱۷ تاریخوں کے خواب کا اثر کبھی جلدی ظاہر ہوتا ہے کبھی دیر سے۔
۱، ۳، ۱۴، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۸، ۲۹ تاریخوں کے خواب سچے نہیں ہوتے۔
۲، ۲۳، ۲۴ تاریخوں کے خواب بد ہوں۔
۱۳ تاریخ کا خواب نیک ہوتا ہے۔خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اگر آپ کا نمبر ۲ ہے

نمبر ۲ کا تعلق قمر سے ہے۔ جو اچھے خیالات۔ بردباری اور مددگارانہ صلاحیتوں کا مالک ہے۔

چال چلن

اس نمبر سے تعلق رکھنے والے افراد نہایت بردبار سلجھے ہوئے خیالات کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ اپنی رائے بڑے انداز سے ظاہر کرتے ہیں۔ خصوصاً یہ لوگ کسی معقول رائے کو فی الفور قبول کرلینے کے عادی ہوتے ہیں۔ چاہے مرد ہو یا عورت۔ مگر وہ غیر مصدقہ چیزوں کو اپنانے میں ہچکچاتے ہیں۔ چنانچہ یہ صلح جو طبیعت کے مالک ہوتے ہیں کسی معاملے کی تحقیق کرنا اُن کے فطرت کے خلاف ہوتا ہے مگر وہ فی الفور اجتماعی کوششوں کو پسند کرلیتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ ان کی کم گوئی۔ صلح پسندی مشکوک تصور کی جاتی ہے۔ مگر پھر بھی وہ بے ایمان نہیں ہوتے۔ ماسوائے کہ حالات انہیں مجبور نہ کردیں۔ ایسے لوگوں کے تصور میں یہ چیز موجود ہوتی ہے کہ زندگی کی خوشیاں محبت اور صحت سے حاصل ہوتی ہیں۔ زندگی کا مقصد مسلسل محنت ہوتا ہے۔

ایسے افراد جب کوئی عاقلانہ اقدام کرتے ہیں تو وہ معجزاتی طور پر کامیابی سے ہمکنار ہوجاتے ہیں۔ بعینہ یہی حالت برعکس ہوکر رہ جاتی ہے اگر وہ غیر دانشمندانہ اقدام کریں۔ لہٰذا ایسے افراد کوئی بھی ذمہ داری جلدی قبول نہیں کرتے۔ اور نہ ہی کوشش کرنی چاہئے۔

احساس فرض

ایسے افراد روحانی خیالات کے مالک ہوتے ہیں وہ عملی طور پر کوئی کام کرنے کے بجائے خیالی اور تصوراتی کامرانی میں ڈوبے رہتے ہیں وہ نازک خیالی کا اعلیٰ نمونہ ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بہت کم ترقی پاتے ہیں کیونکہ اُن کا نقطہ نظر مختلف ہوتا ہے اکثر لوگوں کی زندگی آنسو اور خوشیوں کے لمحات میں بسر ہوتی ہے۔ مگر جوں ہی وہ خفگی کا شکار ہوتے ہیں تو ان کو ذہن سے یہ تصور نکالنا بھی بیحد مشکل ہوتا ہے۔ ان کو جلد دوست بنایا جاسکتا ہے اور یہی لوگ کسی مجمع کی جان ہوتے ہیں۔ کسی بھی تقریب میں مقرر کی تقریر بڑے انہماک سے سنتے ہیں اور اگر نمبر۲ سے تعلق رکھنے والا کوئی شخص اسٹیج پر تقریر کرے وہ اپنے تاثرات بڑی خوش اسلوبی سے بیان کرسکتا ہے۔ ایسے افراد بہت کم دوسرے پر بوجھ ڈالتے ہیں اور حتی الامکان اپنی بساط کے مطابق وقت گزارتے ہیں۔ یہ اُن کی فطرت کے قطعاً خلاف ہوگا کہ وہ کسی کے لئے باعث تکلیف ثابت ہوں۔ مگر پھر بھی ایسے حالات کا وہ شکار ضرور رہتے ہیں۔ کیونکہ اُن کی دنیاوی زندگی بعض تصورات کی دنیا ہی ہوتی ہے۔ جو عملی اعتبار سے ایک بار تصور کی جاتی ہے۔ بہرنوع ایسے افراد وفادار، اور قابل اعتماد ثابت ہوتے ہیں۔ ایسے نمبر والے افراد کے اگر خاوند کی حیثیت سے کردار کا جائزہ پڑتال کی جائے تو وہ یقیناً اپنی بیوی کا دلدادہ ہوگا اور یہی صورت عورت کے لئے بھی ہے کہ اگر نمبر۲ والی عورت کسی کی رفیقۂ حیات ہے تو وہ اپنی زندگی کو بڑی تکلیفوں میں ڈال کر اپنے خاوند کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے دریغ نہیں کرتی۔

مگر ایسا نمبر رکھنے والے افراد غصے کا شکار ہوتے ہیں رونے لگ جاتے ہیں۔ یہ ان کی خصوصیات کا جزو ہے۔ یہ لوگ بڑے رحم دل اور معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ثابت ہوسکتے ہیں۔ یہی لوگ اگر کسی سماجی انجمن کے رکن ہوں تو وہ حتی المقدور اپنے حلقۂ اثر کو فائدہ پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ اس نمبر سے متعلق افراد رومانوی زندگی کے آغاز بڑے احتیاط سے کرتے ہیں۔ وہ خوبصورتی کی پرستش کرتے ہیں مگر رومانی حدود پھلانگنے میں فہم و فراست سے کام لیتے ہیں۔ وہ اپنے خیال کے مطابق بلاوجہ تکلیف سے بچنے کے خاطر تخیلات کے سہارے رومان پرور دنیا بسائے رکھنا۔ اپنی بڑی کامیابی سمجھتے ہیں۔ ایسے نمبر رکھنے والے افراد کی شادی اگر بالفرض دو کے علاوہ چار یا پھر چھ سے ہو جائے تو وہ بہت کم اپنی حاکمانہ صلاحیتوں کی وجہ سے خوش گوار زندگی سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ اور کم وبیش ان کی زندگی ہیجان خیزی کا شکار رہتی ہے۔ یہ بات تجربات سے ثابت ہوچکی ہے۔ یہی عالم تقریباً ایک اور ۱۹ کے ساتھ بھی ان کا ہوتا ہے مگر کسی حد تک پرسکون حالات بھی ساتھ ساتھ ہوتے ہیں۔ بعض حالات میں نہایت سکون سے وہ زندگی گزار جاتے ہیں۔ ایسے متعلقہ افراد دو نمبر والے کم ہی گرم جوشی سے محبت کا اظہار کرتے ہیں اور یہ بھی ناممکن ہے کہ نمبر۲ اپنی طاقت والے کے علاوہ کسی کی محبت میں گرفتار ہو۔ مگر ۳ اور ۵ سے ہم جنسی کے سے تعلقات کسی حد تک اچھے اور خوشگوار ہوسکتے ہیں۔ مگر یہ بات مخالف جنس کی رغبت کی محتاج ہے۔ مگر ایسے نمبر والے افراد ۷ اور ۹ والے نمبروں کے ساتھ اگر ازدواجی بندھنوں میں جکڑ دیئے جائیں تو بہت کم ان کی زندگی خوشیوں کی گہوارہ ہوتی ہے۔ برعکس اس کے مایوسیاں اور اداسیاں اس کی نارمل زندگی پر ہمیشہ مسلط رہتی ہیں۔

اعمال اور خصوصیات

جن افراد کی زندگی کا نمبر۲ ہوتا ہے وہ کسی حد تک موجد بھی ہو سکتے ہیں۔ مگر اس کی نسبت وہ کسی اصول کو بخوشی قبول کر کے اپنا سکتے ہیں۔ وہ کبھی بھی اپنے ذہن سے کوئی ایسی چند ایجاد کرنے کی کوشش کے بجائے ایجاد شدہ چیزوں یا پھر بانیاں وقت کے فارمولوں کو بڑی خوشی سے قبول کر کے اس پر چلنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ نمبر۲ کے افراد لیڈرانہ صلاحیتوں کے فقدان کا شکار ہوتے ہیں۔ برعکس اُس کے دماغ میں کسی چیز کو قبول کر کے عملی مظاہر کرنے کا زیادہ مادہ ہوتا ہے ایسے نمبر کے زیر اثر افراد اپنے فہم وفراست کو بخوبی استعمال کر کے ایک فلسفی کی طرح دلائل پیش کرنے میں کافی مہارت رکھتے ہیں۔ مگر وہ اس چیز کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں کہ اُن کا ذہن جو چیز جلد قبول کرے۔ مگر اس میں ہمدردانہ خواہشات اور کارکردگی کا زیادہ دخل ہو۔ اس لئے ایسے افراد نرسیں، سماجی کارکن، مددگار بننے میں زیادہ مہارت اور خوشی کا مظاہرہ کرتے ہیں کیونکہ اُن کی فطرت کا تقاضا ہی یہی ہے کہ وہ پریشان دکھی اور مغموم افراد کی دلجوئی کریں اسی طرح دوسرے شعبہ جات میں خصوصاً ٹیچر بننا، اکاؤنٹنٹ بننا۔ سائنسی تحقیقاتی ادارے میں اگر یہ شامل ہو جائیں تو اچھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس نمبر کے زیر اثر رہنے والے افراد۔ خدمت گار۔ قابل اعتماد اور وفادار ہوتے ہیں۔ وہ بلا چوں چرا مالک کا حکم بجالانا اپنی خوشی سمجھتے ہیں۔ مگر بدقسمتی سے ایسے افراد ہمیشہ پریشان کن صورت حال کا شکار رہتے ہیں کیونکہ کوئی مالک اُن کی فطرت کو نہیں جانتا۔ اس لئے بعض اوقات یہ بیچارے مشکلات میں بھی گھر جاتے ہیں۔ اور بعض اوقات نزاعی حالات کا شکار ہو کر خوف زدگی کے چنگل میں گرفتار ہو جاتے ہیں اسی لئے یہ لوگ حاکمانہ رتبوں کے لئے مناسب نہیں ہوتے۔ اگر بالفرض ان کو کوئی کلیدی عہدہ سونپ دیا جائے وہاں بھی اپنی فطرت کا ضرور مظاہر کرتے ہیں۔ اگر یہ صورت حال نہ ہو تو یہ لوگ بڑی آسانی سے اونچے مراتب حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

معاشی معاملات

یہ لوگ روپے کے معاملے میں کافی ایماندار ہوتے ہیں۔ وہ مقروض ہونا پسند نہیں کرتے اسی طرح وہ دوسروں کے معاملات زر بھی بڑی خوش اسلوبی اور ایمانداری سے سرانجام دیتے ہیں۔ اسی لئے آپ کو ایسے افراد کاروباری لائن میں بے حد ملیں گے جو ذمہ داری کے فرائض کے احساس کو بخوبی جانتے ہیں۔ وہ روپیہ بچانا خوب جانتے ہیں کیونکہ اُن کے نزدیک انہیں اندوختہ روپیہ مشکلات کے وقت مدد کا باعث بنتا ہے۔ یہ لوگ اگر مالدار ہوں تو اپنے روپے کو صحیح طریقے سے خرچ کرتے ہیں اگر یہ کاروبار میں روپیہ لگائیں گے تو ہمیشہ منافع بخش کاروبار کی طرف ان کو رجوع ہوگا۔ جیسے سیونگ بنک، بانڈ، شیئرز وغیرہ۔ مگر ایسے لوگ مالدار ہونے کے ساتھ کبھی شرابی اور جوا باز نہیں ہوتے۔ کیونکہ وہ کسی نقصان دہ کاروبار کے تصور سے نفرت کرتے ہیں۔ ایک ایسی صورت یہ بھی ہے کہ اس نمبر کے زیر اثر افراد مالی مشکلات کا شکار بھی ہو جاتے ہیں وہ اس لئے کہ ان کی فطرت بڑی سادہ اور رحم وکرم، جود وسخاوت کے زیر اثر ہوتی ہے اسی لئے وہ اپنے دستوں، رشتہ داروں اور پریشان حال والوں کو فوراً مدد دیتے ہیں۔ مگر جب روپیہ واپس کرنے کا معاملہ درپیش ہو تو وہ کبھی اپنے عزیزوں، دوستوں اور رشتہ داروں سے واپسی کا مطالبہ نہیں کر سکتے۔ کیونکہ ایسا کرنا اُن کے لئے ناممکن ہے۔

ماہ اگست

نام ایام	اگست ۲۰۱۸ء	ذیقعدہ ۱۴۳۹ھ	ساون ۲۰۷۵ب	مفرونی نمبر	توقیعات	درجہ برج	عین وقت	شمس در اسد	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت
بدھ	۱	۱۸	۱۷	۲				۱۱	حمل	۱۵:۵۳	شرطین	۱۵:۵۳		
جمعرات	۲	۱۹	۱۸	۳				۱۲			بطین	۱۶:۳۸		
جمعہ	۳	۲۰	۱۹	۴	ہبوط زہرہ			۱۳			ثریا	۱۶:۵۴		
ہفتہ	۴	۲۱	۲۰	۵	شرف قمر			۱۴	ثور	۰۰:۵۰	دبران	۱۶:۳۰	◓	شرف تربیع دوم
اتوار	۵	۲۲	۲۱	۶				۱۵			ہقعہ	۱۵:۳۱		
پیر	۶	۲۳	۲۲	۷				۱۶	جوزا	۶:۳۱	ہنعہ	۱۳:۵۴		فرح
منگل	۷	۲۴	۲۳	۸	زہرہ درمیزان، رجعت یورنس			۱۷			ذراعہ	۱۱:۴۱		
بدھ	۸	۲۵	۲۴	۹				۱۸	سرطان	۹:۰۰	نثرہ	۹:۰۰		ترفع
جمعرات	۹	۲۶	۲۵	۱				۱۹			طرفہ	۵:۵۱		
جمعہ	۱۰	۲۷	۲۶	۲				۲۰	اسد	۹:۱۷	جبہہ زبرہ	۲:۲۷ ۲۲:۵۳		
ہفتہ	۱۱	۲۸	۲۷	۳	سورج گرہن ✹، شہادت امیر حمزہ			۲۱			صرفہ	۱۹:۱۸	●	اجتماع
اتوار	۱۲	۲۹	۲۸	۴	نیا چاند ☾			۲۲	سنبلہ	۸:۵۸	عوا	۱۵:۵۰		اوج
پیر	۱۳	ذوالحجہ	۲۹	۵	یکم ذوالحجہ ۱۴۳۹ھ، رجعت مریخ درجدی			۲۳			سماک	۱۲:۴۰		
منگل	۱۴	۲	۳۰	۶	یوم آزادی			۲۴	میزان	۹:۵۶	غفرہ	۹:۵۶		
بدھ	۱۵	۳	۳۱	۷				۲۵			زبانہ	۷:۴۵		
جمعرات	۱۶	۴	۳۲	۸	قمر درعقرب			۲۶	عقرب	۱۳:۵۳	اکلیل	۶:۱۵		ہبوط
جمعہ	۱۷	۵	بھادوں	۹				۲۷			قلب	۵:۲۶		
ہفتہ	۱۸	۶	۲	۱				۲۸	قوس	۲۱:۴۴	شولہ	۵:۲۴	◒	طرح تربیع اول
اتوار	۱۹	۷	۳	۲	عطارد مستقیم			۲۹			نعائم	۶:۰۱		
پیر	۲۰	۸	۴	۳	یوم الترویہ			۳۰			بلدہ	۷:۱۵		
منگل	۲۱	۹	۵	۴	یوم الحج			۳۱	جدی	۹:۰۰	ذابح	۹:۰۰		وبال
بدھ	۲۲	۱۰	۶	۵	عیدالاضحیٰ			۳۲			بلعہ	۱۱:۰۰		
جمعرات	۲۳	۱۱	۷	۶	شمس در سنبلہ			سنبلہ	دلو	۲۱:۵۵	سعود	۱۳:۱۲		
جمعہ	۲۴	۱۲	۸	۷				۲			اخبیہ	۱۵:۲۰		
ہفتہ	۲۵	۱۳	۹	۸				۳			مقدم	۱۷:۲۰		
اتوار	۲۶	۱۴	۱۰	۹				۴	حوت	۱۰:۳۱	موخر	۱۹:۰۴	○	حضیض استقبال
پیر	۲۷	۱۵	۱۱	۱	مریخ مستقیم			۵			رشا	۲۰:۳۰		
منگل	۲۸	۱۶	۱۲	۲				۶	حمل	۲۱:۳۴	شرطین	۲۱:۳۴		
بدھ	۲۹	۱۷	۱۳	۳				۷			بطین	۲۲:۱۳		
جمعرات	۳۰	۱۸	۱۴	۴	یوم حضرت عثمان غنیؓ			۸			ثریا	۲۲:۳۰		
جمعہ	۳۱	۱۹	۱۵	۵	شرف قمر			۹	ثور	۶:۲۹	دبران	۲۲:۱۸		شرف

کیا آپ کا برج اسد ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

پارٹیوں دعوتوں اور نجی محفلوں میں یا سمندر کے کنارے چہل قدمی کرتے ہوئے یہ جملہ اکثر سننے میں آتا ہے کہ ''تمہیں پتہ ہے میں اسدی ہوں'' اور یہ جملہ ہمیشہ نہایت مغرور اور پُرکشش لڑکیوں کے منہ سے سننے میں آتا ہے یا پھر بہت پُرکشش وخوبصورت اور خود اعتماد آدمیوں کو کہتے سنا گیا ہے۔ ان لفظوں کا مطلب یہ ہے کہ کہنے والا یہ توقع رکھتا ہے کہ آپ کو یہ بات جان لینی چاہئے کہ آپ کا سامنا ایک بے حد ''خاص شخصیت'' سے ہے ایسی شخصیت سے جو مسحور کن اور خاص وقار کی حامل ہے۔

قدیم زمانے سے بلکہ اس موجودہ دور میں بھی اسد کو شاہی برج سمجھا جاتا ہے قدیم زمانے میں بھی اور موجودہ دور میں بھی اس برج سے متعلقہ افراد کو شاہی خاندان کا فرد سمجھا جاتا ہے یعنی وہ افراد جو زبردست قسمت کے مالک ہوتے ہیں۔ عظمت، فیاضی اور وقار اسدی افراد کی خاص خصوصیات ہوتی ہیں نیز یہ لوگوں کو باآسانی اپنے سحر میں گرفتار کر لیتے ہیں بعض اوقات انہیں خود پسند، مغرور اور خوشامد پسند بھی کہا جاتا ہے تاہم مجموعی طور پر انہیں پسند کیا جاتا ہے۔ تاہم قدیم دور کے اسدی حاکم جو ڈکٹیٹر اور جابر ہوتے تھے۔ آج کل ان کا وجود بہت کم پایا جاتا ہے۔

شمس جو تمام آسمانی کواکب میں سب سے زیادہ جلیل القدر ستارہ ہے۔ اسد پر حکومت کرتا ہے۔ چنانچہ اس کی حکومت کی وجہ سے ہی اسدی افراد گرم جوشی اور فیاضی کا اظہار کر سکتے ہیں اور زندگی سے پوری طرح لطف اندوز ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں تاہم جب شمس بادلوں کی اوٹ میں چلا جاتا ہے تو اسدی افراد اپنی شخصیت کے منفی پہلو کا اظہار کرنے لگتے ہیں ایسے میں وہ مغرور، گستاخ اور ناقابل برداشت ہو جاتے ہیں اور اس قدر خود پسندی کا ثبوت دیتے ہیں کہ ساری دنیا کی مشکلات ان کے سامنے بے حد حقیقت ہو کر رہ جاتی ہیں۔

اگر سورج نہ ہو تو زمین پر زندگی کا وجود نہ رہے اسی طرح اس دینا کی خوبصورتی اور رنگینی کے لئے اسدی افراد کا وجود بھی ضروری ہے ان کے وجود کے بغیر دنیا میں جوش و خروش، خوش امید اور قابل قدر تنظیم کا فقدان ہو۔ جب ہمیں کسی پر انحصار کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے اور جب ہم ہمت ہارنے لگتے ہیں اور جب کاموں میں بدنظمی اور انتشار پیدا ہونے لگتا ہے تو ہمیں اسدی افراد کی ضرورت بڑی شدت سے محسوس ہوتی ہے۔

اسدی افراد کی مثبت سوچ و زبردست خود اعتمادی اور ٹھوس خیالات یہ اولین خصوصیات ہیں جن کا اندازہ ہمیں ان سے پہلی ملاقات میں ہوتا ہے۔ ان میں کوئی بات بلیوں جیسی ضرور ہوتی ہے۔ لیکن وہ لوگ جو بلیوں کو ناپسند کرتے ہیں وہ بھی اسدی افراد کی پُرکشش شخصیت کو پسند کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ اسدی افراد کو مسلسل دوسروں کی توجہ اور محبت درکار ہوتی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ آتش دان کے سامنے یا دھوپ سینکنے کے لئے سب سے بہترین مقام پر بہترین ونفیس اور آرام دہ کرسی پر بیٹھنے پر اصرار کرتے ہیں۔ سردیوں کا موسم ان کے لئے اداسی لاتا ہے۔ صرف سردی کا موسم ہی نہیں بلکہ محبت کی کمی بھی اداس کر دیتی ہے جب کہ دھوپ اور گرمی (چاہے وہ موسم کی ہو یا جذبات کی) انہیں خوشی اور وسعت بخشتی ہے۔

کاہلی بھی ان کی شخصیت کی ایک خاص خصوصیت ہے جو اکثر اوقات ان کے شریک زندگی یا شریک کار کو پاگل کر دیتی ہے بالکل اسی طرح جس طرح بعض اوقات ان کی بے تحاشا توانائی انہیں پاگل کر دیتی ہے۔ تناؤ اور پریشانی جو دوسروں کو کئی دن تک بے چین رکھتی ہے۔ اس سے یہ چھٹکارا اس طرح پاتے ہیں کہ بستر پر یا ساحل سمندر پر یا نہانے کے ٹب میں کچھ وقت گزار کر ساری فکروں سے آزاد ہو جاتے ہیں۔

انہیں ملازمت، کاروبار، دوستی اور گھریلو زندگی میں قوت واقتدار و اختیار، ذمہ داری اور عزت کی خواہش ہوتی ہے۔ ان کے بغیر وہ اس قدر مایوس ہو جاتے ہیں کہ اپنے ساتھ رہنے والوں کی زندگی دوبھر کر دیتے ہیں۔ ان کے خیال میں دفتر میں سب سے اونچا عہدہ اور گھر میں سب سے اہم مقام اور

دائرۃ البروج	یہ پانچواں برج ہے
عرصہ پیدائش	جولائی ۲۳ تا اگست ۲۲ (اندازاً)
اصول	انتظامی صلاحیت، فطری قوت اور محبت کرنے والی فطرت
عنصر	آتشی
ماہیت	ثابت
برج کی علامت	شیر (جنگل کا بادشاہ)



بلند مرتبہ ان کا حق ہے اور جب یہ اس بلند مرتبے پر ہوتے ہیں تو بے حد خوش و خرم ہوتے ہیں اور ملنسار ثابت ہوتے ہیں۔

اسدی آدمی کی محبت جس عورت کو بھی ملے اس کے لئے یہ ایک شاندار تجربہ ہوتا ہے کیونکہ یہ شاندار تحائف لاتا ہے۔ پھول اور زیورات بطور تحفہ دیتا ہے۔ شاہانہ مقامات پر لے کر جاتا ہے اور محبت کا اظہار بھی بے حد شاہانہ انداز میں کرتا ہے۔

جنس کے معاملات میں بے حد جذباتی ہوتے ہیں اس سلسلے میں پرانے خیالات کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔ جب محبت کرتے ہیں تو پورے جسم و جاں کے ساتھ محبت کرتے ہیں اور جب شریک زندگی کے منہ سے اپنے لئے تعریفی الفاظ سنتے ہیں تو اس کے لئے اپنی تمام محبت اور فیاضی وقف کر دیتے ہیں۔

چونکہ اپنی تعریف سننے کے شوقین ہوتے ہیں۔ لہٰذا خوشامد پسند کرتے ہیں کسی محفل یا ہوٹل میں دوستوں کی کسی بات پر جوش میں آ کر سب کے لئے چائے کا آرڈر دینے والی شخصیت یقیناً اسدی ہوگی۔ اس لئے کہ ان کے خیال میں روپیہ دوستوں پر خرچ کرنے کے لئے ہی ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر دوست بالکل اس قابل نہ ہوں کہ ان پر کچھ خرچ کیا جائے تب بھی یہ ان پر خرچ کرنا پسند کرتے ہیں۔

جس طرح ان کی خوبیاں بہت اونچے پیمانے کی ہوتی ہیں اس طرح ان کی کمزوریاں بھی اپنے اندر ڈرامائی پہلو رکھتی ہیں۔ انہیں کسی بات کے لئے آمادہ کرنا بالکل مشکل نہیں ہوتا۔ ذرا سا اکسانا ہی انہیں بے حد جوش میں لے آتا ہے۔ اسی طرح ذرا سی بات ناپسند آ جائے تو ہتھے سے اکھڑ جاتے ہیں لیکن ذرا دیر بعد سارا غصہ ختم ہو جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح شیر کی دھاڑ جب تک سنائی دیتی رہتی ہے خوف زدہ رکھتی ہے لیکن جہاں شیر خاموش ہوا خوف کا عنصر بھی زائل ہو جاتا ہے لیکن یہ بات ذہن میں رہے کہ ان کا غصہ دب ضرور جاتا ہے لیکن یہ بات کو بھولتے نہیں ایک غلط نگاہ یا ایک غلط لفظ کہہ کر انسان بچ نہیں سکتا نہ معلوم کب عتاب نازل ہو۔ اس کے متعلق انسان کبھی اندازہ نہیں لگا سکتا۔

اسدی افراد (تمام اسدی افراد نہیں تاہم بیشتر) بے حد خود پسند اور اونچی ناک والے ہوتے ہیں۔ اسدی افراد اس نقطۂ نظر کے حامل ہوتے ہیں کہ وہ اپنی بیوی اور بچوں کی زندگیوں پر حکومت کر سکتے ہیں اور اپنی مرضی سے انہیں چلا سکتے ہیں لیکن جب ان کی بات رد کی جاتی ہے یا مخالفت کی جاتی ہے تو بے حد اداس ہو جاتے ہیں اور سب سے الگ تھلگ ہو کر کہیں دور کونے میں جا کر بیٹھ جاتے ہیں یا کسی ہوٹل میں جا بیٹھتے ہیں اور سوچتے رہتے ہیں کہ لوگوں نے ان کی محبت اور وفاؤں کا کیسا صلہ دیا ہے۔

تاہم لوگ عام طور پر اسدی افراد کو معاف کر دیتے ہیں یہاں تک کہ جب اسدی افراد اپنی شخصیت یا تحائف کے زور پر کسی کی شخصیت کو دبانا چاہتے ہیں تب بھی انہیں معاف کر دیا جاتا ہے آخر کیوں؟ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ جب انہیں رد کیا جاتا ہے یا ان کی تعریف نہیں کی جاتی تو یہ اس قدر اداس اور آزردہ ہو جاتے ہیں کہ دوسروں کے لئے ان کی آزردگی ناقابل برداشت ہو جاتی ہے خواہ یہ اداس ہوں خواہ خوش و خرم' دوسرے باآسانی ان کی شخصیت کے جال میں پھنس جاتے ہیں اور اس جال سے نکلنے کی بھرپور کوشش کے باوجود کامیاب نہیں ہو پاتے۔

اسدی عورتیں اور لڑکیاں گرم جوش اور منطقی ہوتی ہیں زندگی سے بھرپور لطف اٹھانے کا فن جانتی ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ اپنے شوہر دوستوں اور بچوں کو بھی زندگی سے لطف اندوز ہونے کا فن سکھاتی ہیں۔ غروب ہوتے ہوئے سورج کی تعریف کر کے قدرتی حسن سے لطف اندوز ہونا سکھاتی ہیں۔

عمدہ لباس کی تعریف کر کے جامہ زیبی سکھاتی ہیں اور اچھے کھانے کی تعریف کر کے کھانے کا ذوق پیدا کرتی ہیں۔

اسدی لڑکیاں اگر ملازمت کرتی ہیں تو بلند ترین عہدے پر پہنچنے کا مقصد سامنے رکھتی ہیں۔ ملازمت کا انتخاب بڑی عقلمندی سے کرتی ہیں۔ یعنی ایسی ملازمت کا انتخاب کرتی ہیں جس میں ان کی صلاحیت کو سراہا جا سکے اور انہیں اہمیت دی جائے پس پردہ کام کرنا سخت ناپسند کرتی ہیں۔ انہیں اسٹیج کے بالکل مرکز میں جگہ کی تلاش ہوتی ہے۔ جہاں اپنی صلاحیتوں کا سرعام اظہار کر سکیں اور خوش رہ سکیں۔

بہت کم ملازمت پیشہ اسدی لڑکیاں یا عورتیں ایسی ہوتی ہیں جنہیں پسند کیا جاتا ہے اس لئے کہ یہ بے حد مضبوط قوت ارادی اور اپنی مرضی کی مالک ہوتی ہیں۔ چنانچہ انہیں تنقید کا سامنا کرنا پڑتا

ہے۔ اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ تنقید بے جا ہوتی ہے۔ لیکن بہرحال انہیں اسے برداشت کرنا پڑتا ہے اگر چہ یہ زیادہ دیر کام کرتی ہیں۔ مشکل حالات میں ساتھ کام کرنے والوں کی مدد بھی کرتی ہیں لیکن اس قدر صاف گو ہوتی ہیں کہ دوسروں کے لئے ان کا ہر وقت ساتھ رہنا آسان نہیں ہوتا۔

آدمی اسدی لڑکیوں کو پسند کرتے ہیں کیونکہ وہ انہیں سست نہیں پاتے۔ شوہر اسے مداحوں کے حلقے میں گھرا دیکھنا پسند نہیں کرے گا۔ تاہم یہ ضرور دیکھ کر خوش ہوگا کہ اس کی بیوی کتنی کامیاب اداکارہ ہے۔ تاہم اگر زندگی میں سخت حالات کا سامنا کرنا پڑے یہ مشکلات خواہ گھریلو ہوں، خواہ مالی نوعیت کی ہوں۔ شوہر اپنی اسدی بیوی کی غیر متوقع قوت برداشت اور خود اعتمادی کا بے حد مشکور ہوتا ہے۔

محبت کے معاملات میں اسدی لڑکی بے حد ڈرامائی انداز میں اپنے جذبات کا اظہار کرتی ہے لیکن بدقسمتی سے اگر شوہر مضبوط کردار کا نہ ہو تو ایسے ڈرامائی سین اسے بھاگنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔

اسدی لڑکیاں اگر ایک طرف شوہر کا حوصلہ انتہائی بلند کر سکتی ہیں تو دوسری طرف اسے مایوسی کے سمندر میں بھی دھکیل سکتی ہیں۔ شوہر میں احساس کمتری پیدا کر سکتی ہیں۔ یہ سورج چاند بلکہ تمام ستاروں کو شوہر کی شخصیت میں یکجا دیکھنا چاہتی ہے اور اگر شوہر ہمہ وقت ان کی توقعات پر پورا نہیں اترتا (جیسا کہ اس کو اترنا چاہئے) تب یہ روتی ہیں۔ شور مچاتی ہیں۔ چیختی چلاتی ہیں اور اس عمل میں اپنی ساری جسمانی قوت صرف کرنے کی پوری کوشش کرتی ہیں۔

تاہم چند گھنٹوں بعد مطلع صاف ہو جاتا ہے اور سورج دوبارہ آب و تاب سے چمکنے لگتا ہے۔ یہ دل میں کوئی بات نہیں رکھتیں اور نہ بدلہ لینے پر یقین رکھتی ہیں نہایت محبت سے فیاضی سے اور جذباتی انداز میں شوہر کو "معاف" کر دیتی ہیں خواہ اسے معافی کی ضرورت بھی نہ ہو شوہر اگر عقلمند ہوتا ہے تو اس معافی کو قبول کر لیتا ہے اور فائدے میں رہتا ہے اور اگر بدقسمتی سے عقلمند نہ ہوا تو اپنی شامت بلا لیتا ہے۔




ماہ اگست کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہوتو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل-ستارہ مریخ

حروف:- ا-ل-ع-ی



پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ زندگی میں ذاتی مصروفیات بڑھ جائیں گی۔اس ماہ شراکت داری اور کھلے دشمنوں سے واسطہ پڑے گا۔تبدیلی محسوس ہوگی۔ٹرانسفر ہوگا یاپھر ترقی ہوکرکسی دوسرے شعبے میں جائیں گے۔

• مریخ شروع ماہ سے زائچے کے گیارہویں گھر میں رجعت میں ہوگااور واپس وتدالسماء پر داخل ہوگااور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا- جذباتی گرمی سے غصہ اور ذہنی انتشار سے واسطہ پڑے گا- یہ ماہ دوستوں کے ساتھ سیروتفریح کے ساتھ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لیں جن کی مدد سے مالی رکاوٹوں اور پریشانی کا خاتمہ ہوسکے-اس وقت دوستوں سے اپنی امیدیں وابسطہ نہ کریں ان پر بھروسے سے آپ کو مالی نقصان ملے گا۔روپیہ سے متعلق کوبھی معاملہ ہواس میں شامل نہ ہوں۔اس ماہ ایسے مواقع بھی ملیں گے لوگوں کے تعاون سے اپنا کیریئر شروع کرسکیں گے۔ایسے قریبی افراد جن سے اپنے کام یا کاروبار کے سلسلے میں امیدیں وابستہ کر رکھیں تھیں وہ راستے میں ساتھ چھوڑ دیں گے-اپنی جسمانی و ذہنی مضبوطی کے لئے کسی کلب یا کھیل میں حصہ لیں- اس ماہ میکینکل اور ٹیکنیکل کاموں میں حصہ لے کر اپنی صلاحیتوں کو بھی بڑھاسکیں گے- مریخ ۱'۶'۱۴'۱۸'۲۳'۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا- تاہم ۴'۱۰'۱۶'۳۱ تاریخ کو غیر موافق نظرات میں محتاط رہنا ہوگا-

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی-لہذا قریبی لوگوں کے ساتھ ہرطرح کے معاملات میں محتاط رہنا ہوگا لین دین' بینک کے کام' حساب کتاب اوراہم لوگوں کے ساتھ ملاقات میں حد درجہ احتیاط کی ضرورت پڑے گی-کوئی بھی غلط بات یا نظریہ تعلقات کوخراب کرے گا-قریبی رشتہ داروں کے ساتھ بھی تمام معاملات میں احتیاط رکھیں-سفر کے معاملات میں احتیاط رکھیں- اس وقت آپ کے پاس جوروپیہ موجود ہے محتاط رہ کرخرچہ کریں-

ستارہ زہرہ ۷ تاریخ کو طالع کے مقابل ہو گا اس گھر کا تعلق ہرقسم کی شراکتی معاملات اورقریبی تعلقات سے ہے - چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا- وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہوگا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہوجائیں گے۔اگرکسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۶'۱۰'۱۴'۱۹'۲۵ تاریخ کا انتخاب کریں۔یہ تاریخیں محبت کے معاملات کے لئے بھی موافق ثابت ہونگی- زہرہ کی موجودگی ہرقسم کی گفت شنید اور بحث مباحثے کے لئے موافق ثابت ہوگی- اگرآپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر پالیسی یہ ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں کام کریں ویسے لوگوں کو ہم رائے بنانا اوران کا دل جیتنا اتنا مشکل نہ ہوگا -مالی لحاظ سے یہ ماہ آپ اور آپ کے شریک دونوں کے لئے موافق ثابت ہوگا- مالی طور پر غیر ضروری خطرات مول نہ لیں اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں-

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی- کاروباری و مالی معاملات میں کچھ ایسے بھی موقع آئیں گے کہ جب دوسرے لوگوں سے الگ تھلگ رہ کر کام کرنا پڑے گا- کیریئر اور جاہ طلبی کے معاملات میں لوگوں کا تعاون ملے گا- ترقی اور تنخواہ الاؤنس سے متعلقہ معاملات کو آگے بڑھائیں- ایسے افراد جو کاروبار یا ملازمت میں دوست ہیں- ان پر اپنی گرفت مضبوط کریں گے اوران ذریعے ترقی کے معاملات میں کامیابی ہوگی- سرمایہ کاری

کے لیے پر امید ہونگے ۔ دوستوں کے ساتھ نئی سرگرمیاں شروع کرنے کیلئے سفر بہتر رہے گا۔تعلیمی سرگرمیوں اور شراکت داری کے معاملات بہتر رہیں گے۔

عطارد زائچے کے پانچویں گھر میں رجعت ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے' میل جول بڑھانے اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی کوشش کریں یہ آپ کی امیدوں کی تکمیل کروائے گا۔ اس ماہ سفر بھی خوشگوار ثابت ہونگے۔ تحریری کام' اخبارات ورسائل کے ذریعے ادبی حلقوں میں اپنے آپ کو روشناس کروانے میں مدد ملے گی۔ اس وقت آپ کی سوچ اور تعلقاتی ذرائع الگ طرح سے کام کریں گے ۔ زیادہ تر قسمت کے نمبر، بانڈر کے نمبر اور بیرونی کرنسی کے حصول میں دلچسپی لیں گے اور اس میں انوسمنٹ کر کے اپنے مال و اسباب کو تیزی سے بڑھانے کی کوشش فائدہ دیں گی۔ عطارد کی موجودگی میں جو خط وکتابت ہوگی اس کا جواب ضرور ملے گا۔ ملازمین کے ساتھ بہتر رابطے کام کی رفتار کو تیز کردیں گی۔ تاہم جسمانی صحت کی طرف سے پوری طرح آگاہ ہونا ضروری ہے۔ اپنی ذہنی وجسمانی قوت کو بڑھانے کی ضرورت ہوگی۔ عطارد ۳' ۷' ۱۱' ۱۵' ۱۹' ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔



ثوری افراد اس ماہ جس جگہ کام کرتے ہیں وہاں اہمیت کھودیں گے۔ کاروباری لین دین اور روپے کے معاملات میں دشواری محسوس کریں گے۔ تاہم ہر کام میں ذہنی دباؤ ملے گا۔

زہرہ ۷ تاریخ کو زائچے کے چھٹے گھر میں ہو گا۔ اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔ لہذا اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں جبکہ وہ افراد جنہیں حال ہی میں کام اور روزگار کے معاملات میں یا دفتر میں مشکل حالات کا سامنا رہا ہے وہ حالات میں بہتر تبدیلی دیکھیں گے۔ دوسری طرف وہ افراد جنہیں زائد کام سے واسطہ پڑا تھا ان کے بوجھ میں کمی آجائے گی ۔ زہرہ محبت کے معاملات پر حکومت کرتا ہے۔ چنانچہ اس ماہ کی ۶' ۱۰' ۱۴' ۱۹' ۲۵ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ دراصل بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کا ماحول ان کی زندگی میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف رہے گی۔ اگر ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ سوشل زندگی میں بھی بہت سرگرمی اور جوش پیدا ہوگا۔ باہر جانے اور لوگوں سے ملنے' نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کے زائد موقع ملے گا۔

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ اپنے آپ کو کسی بھی غلط کام میں ملوث ہونے سے بچانا ہوگا۔ غیر ارادی طور پر معاملات قانونی شکل اختیار کرسکتے ہیں اور آپ کے لئے عزت ووقار کا مسئلہ بنے گا۔ کاروباری سطح پر بھی ضرورت سے زیادہ روپے کا نقصان ہوگا اور آپ کے ذرائع آمدن بھی روک جائیں گے جس کے باعث ذہنی اور جسمانی تکالیف ابھرسکتی ہیں۔ اپنے آپ پر بھرپور توجہ دیں اور ٹینشن اور ڈپریشن نہ لیں۔

عطارد چوتھے گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان کئی معاملات حل طلب ہونگے اس ماہ ایک دوسرے سے رابطے مفید ثابت ہوں گے۔ ضرورت سے زائد کاموں کو فوری طور پر مکمل کرنے کا رجحان رہے گا۔ والدین سے متعلقہ گھر یا جائیداد' حسابات یا تحریری کاموں کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی۔ اگر گھر تبدیل کررہے ہیں یا گھر کو از سرنو ترتیب دینا چاہتے ہیں تو اس وقت کھلے ذہن کے ذریعے اور آرٹسٹک خیالات کو بروئے کار لاتے ہوئے بہتر پلاننگ کرسکیں گے۔ روزمرہ کے سفر بہتر رہیں گے۔ آپ کے اندر جوش و جذبہ حصول مال کے لیے بڑھ جائے گا۔ نئی پلاننگ اور حکمت عملی کریں۔ اپنے وقت کو قیمتی جانیں اور جو ہوسکتا ہے وہ کام کریں۔ محبت کے معاملات' اولاد سے متعلقہ تعلیمی سرگرمیوں اور کھیلوں سے متعلق امور میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ یہ وقت ایسا ہے کہ جب آپ اپنی سوچوں کو ایک جگہ مرکوز کرسکیں گے۔ لہذا منتشر خیالات سے ذہنی دباؤ' چڑچڑاپن اور کئی طرح کے معاملات اور دردسری کو دور کرسکیں گے۔ عطارد ۳' ۷' ۱۱' ۱۵' ۱۹' ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس دن خاص طور پر جاہ طلبی کے معاملات کے علاوہ کاروباری اور شراکتی معاہدات کی کوشش کریں۔ ان میں خاطر خواہ فائدہ دیکھنے میں آئے گا۔ تاہم کام اور کاروبار کے علاوہ زمین کی خریداری کے ذریعے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لوگ ان دنوں آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ روپیہ لگانے اور نئے ذرائع کے حصول کی کوشش فائدہ دیں گی ۔ ان دنوں اچانک خوشیاں ملیں گی۔ کوئی شخص آپ کی زندگی میں داخل گا۔ صحت کے معاملات کو کسی صورت نظر انداز نہ کریں۔ گم ہوا مال یا ترکہ اچانک ملنے کی توقع ہے۔ نئی رشتہ داری قائم ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے وتد السماء پر رجعت میں ہوگا اور واپس نویں گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ کیریئر میں ترقی کرنے اور اپنے روزگار کو بہتر طریقے پر بڑھانے اور صحت کے لئے جو کوشش کررہے ہیں ان میں پریشانی ملے گی لیکن صبر سے کام لینا ہوگا۔ یہ وقت ذہنی صلاحیتوں کو کمزور کرے گا' ساتھ ہی تعلقات میں اپنے رویوں پر ضرور غور کریں' ذہنی قوت ہیجان خیز خیالات کی طرف متوجہ ہونگی۔ یہ ماہ نئی سمتوں کا تعین کرنے میں مدد دے گا۔ ترقی کرنے کے موقع حاصل ہونگے مگر لوگوں کا آپ پر اعتماد نہ ہوگا۔ وہ افراد جو کسی خاص ٹیکنیکل یا انجینئرنگ کے شعبے میں داخلہ لینا چاہتے ہیں ان کو اپنی صلاحیتوں کو بہتر کرنے اور مستقبل میں

ترقی کرنے کے موقع سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ یہ ماہ کام کے اعتبار سے زیادہ محنت لائے گا۔ لہذا جسمانی اور ذہنی ورزش کے لئے بھی وقت نکالیں اور ذہنی سکون حاصل کریں۔ مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں حتمی فیصلہ اور باقوت قدم اٹھانا بہتری کے آثار پیدا کرے گا۔ تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں غصہ یا اشتعال نقصان دے گا۔

برج جوزا۔ ستارہ عطارد

حروف:۔ ک۔ ق



پیدائش:۔ مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس ماہ ہر طرح کی شراکت داری، اسکیموں میں حصہ لینا، پلاٹ یا مکان یا بکنگ میں حصہ لیں اور زندگی کی نئی کوششوں کا آغاز کریں۔

زہرہ ۷ تاریخ کو زائچے کے پانچویں گھر ہو گا۔ لہذا محبت کے معاملات، سوشل زندگی اور سیر و تفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ اس تاریخ کے بعد محبت کے معاملات بے حد موافق ثابت ہونگے۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ زہرہ ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا اس دن اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں اور محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی آئے گی۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے یا جو نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے وہ ان معاملات میں آپ کے ہم خیال نکلیں گے۔ ایسے افراد جو تھیٹر، ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں تاہم زہرہ ۸، ۲۲، ۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ ان دونوں انعامی اسکیموں میں روپیہ نہ لگائیں۔

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ جائیداد اور شریک کار کے روپیہ کو کسی کے کہنے میں آ کر جلد منافع دینے والی اسکیموں میں نہ لگائیں۔ وہ لوگ جو آپ کے قریب ہیں ان کے مشورہ پر بغیر کسی ٹھوس ثبوت کے آگے نہ بڑھیں۔ اس وقت قرضہ حاصل کرنے کے لئے ملاقات اور اہم معاملات طے نہ کریں۔ کیونکہ کچھ معاملے آگے چل کر اختلافی مسائل پیدا کریں گی۔

عطارد تیسرے گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ تحریری کام کے علاوہ نشر و اشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھ سکیں گے۔ اس ماہ آپ اپنے اندر خود تبدیلی محسوس کریں گے۔ کام، کاروبار اور گھر کو بہتر کرنے کا فیصلہ بہتر رہے گا۔ سفر زائد ہونگے۔ تاہم جو بھی سفر ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں زائد حصہ لیں۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کر سکیں گے۔ لکھنے لکھانے، تحریری کاموں میں باقوت سوچ کے ذریعے بہتر طریقے کار وضع کر سکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ دوستوں کے ذریعے اپنے کام اور کاروباری معاملات کو بہتر بنا سکیں گے۔ اس وقت آپ کی توقعات سے بڑھ کر کام ہوں۔ بیرون ملک اگر کسی شخص کے ذریعے معلومات حاصل کر رہے ہیں تو جلد جواب ملنے کی توقع ہے۔ اور بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کرنے کے مواقع ملیں گے۔ پرانے دوست اچانک ملیں گے۔ تحریری کام، معاہدات اہم موثر ثابت ہونگے۔ اہم بااثر افراد کا تعاون حاصل ہوگا۔ اپنی قابلیت بڑھانے کے لئے تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں اور جو کچھ ہو سکے حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے نویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور واپس آٹھویں گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ یہ آپ کے کاروباری سفر، قانونی اور آفیشل کاموں میں رکاوٹ پیدا کرے گا۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کر سکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کر رہے ہیں تو احتیاط رکھیں۔ اپنی باقوت صلاحیتوں سے فیصلہ کن قدم اٹھایا تو بہتری حاصل ہوگی۔ تاہم ان دنوں اپنے غصہ پر قابو رکھنا ہوگا۔ تعمیری کاموں، ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ کاموں میں غیر ضروری التواء سے پریشانی اور ٹینشن ہوگی۔ مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں اپنے اہم کاموں کو آگے بڑھائیں اور قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔ تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

برج سرطان ۔ ستارہ قمر

حروف:- ح ۔ ہ



پیدائش:- جون۲۲ تا جولائی۲۳

اس ماہ سرطان سے متعلقہ زیادہ تر افراد جائیداد سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں گے۔ سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ قانونی معاملات بھی آپ کی موافقت میں ہونگے۔ وہ معاملات جو کافی عرصے سے پریشان کئے ہوئے تھے اب حل ہوتے محسوس ہونگے۔

عطارد خانہ مال میں رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا ۔ یہاں یہ آپ کی ذاتی مصروفیت کے کام، گروہی سرگرمی، ملاقاتیں، تعلیمی نوعیت کے امور اور سفر میں بہتری اور آسانی پیدا کرے گا۔ اس ماہ اپنے ذاتی کاموں سے متعلق امور سرانجام دیں۔ زائد سفر اور ملاقاتیں ہونگی۔ اگر آپ اپنا کاروبار کرتے ہیں تو اس وقت ترقی کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ بااختیار افراد کے ساتھ ملاقاتیں کریں اور ان سے فائدہ اٹھائیں۔ ایسے افراد جو عرصہ سے اپنے عہدہ کی ترقی کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں۔ پروموشن کے معاملات کے لیے خود ملاقات کریں۔ اگر ملازمت کی پیشکش ہے تو وسط ماہ سے قبل ان امور کا جائزہ لینا بہتر رہے گا۔ اکاونٹ کا حساب چیک کریں۔ ہر کام تحریری کرنا بہتر رہے گا۔ اور اگر جائیداد خریدنا یا بیچنا چاہ رہے ہیں تو عطارد ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ ان تاریخوں میں معاہدات کرنے بہتر رہیں گے۔

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی ۔ اپنے آپ کو کسی بھی غلط کام میں ملوث ہونے سے بچانا ہوگا ۔ غیر ارادی طور پر معاملات قانونی شکل اختیار کرسکتے ہیں اور آپ کے لئے عزت و وقار کا مسئلہ بنے گا۔ کاروباری سطح پر بھی ضرورت سے زیادہ روپے کا نقصان ہوگا اور آپ کے ذرائع آمدن بھی روک جائیں گے جس کے باعث ذہنی اور جسمانی تکالیف ابھر سکتی ہیں۔ اپنے آپ پر بھرپور توجہ دیں اور ٹینشن اور ڈپریشن نہ لیں۔

زہرہ ۷ تاریخ کو زائچے کے چوتھے گھر میں ہوگا۔ گھریلو اور خاندانی معاملات پر خوش قسمت اور موافق اثر مرتب ہورہے ہیں ان معاملات میں اگر حال ہی میں کوئی زبردست تبدیلی ہوئی ہے یا والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو اب حالات بہتر ہو جائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کررہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ گھر کی ازسرنو آرائش اور گھر میں چندنئی اشیائے تعیّشات کے اضافہ اور اپنے آس پاس کے ماحول کو بہتر بنانے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ نسبت اور شادی کے معاملے یا جائیداد اور لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پاجائیں گے۔ وہ افراد جو گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ قریبی شخص سے مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ زندگی میں کسی نئے شخص کا اضافہ ہورہا ہے۔ جس کی وجہ سے خوشیاں حاصل ہونگی۔ محبت کے معاملات ہوں یا شادی، نسبت کے یہ وقت خاص طور پر ان امور کی طرف لے جائے گا۔ جس سے زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا جو سوچ اور خیالات کے انداز کو تبدیل کردے گا۔ ان دنوں سیر وتفریح یا کاروباری معاہدات کے لئے اندرون یا بیرون ملک سفر کیا تو یہ آپ کے لئے ایسا امتحان ثابت ہوگا جس سے قسمت بدل سکتی ہے۔ ان دنوں کوئی خط یا خبر سے خوشی ملے گی۔

مریخ شروع ماہ زائچے سے آٹھویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور واپس ساتویں گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا ۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے مالی امور میں زائد دلچسپی لیں گے تاہم ایسی غلطی جو کسی پر اعتبار کرکے نہ کریں۔ یہ وقت ذہنی دباؤ لاتا ہے۔ ہر کام اور معاملات کو بہتر اور موثر طریقے سے کرنے کی صلاحیت میں کمی آئے گی۔ اپنی خواہشات کا رجحان منفی سمت میں ہوگا۔ خیالات ہیجان خیز ہونگے اور اپنے رویہ سے نقصان دیں گے۔ اس ماہ جو روپیہ ہاتھ آئے گا وہ جلد ہی ہاتھ سے نکل جائے گا۔ اس ماہ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ سے متعلق اختلافات جنم لے سکتے ہیں۔ ذہنی ٹینشن بھی مل سکتی ہے، غصہ اور جلد بازی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اپنی اہم چیزوں کا خیال رکھیں گم یا چوری ہونے کا بھی اندیشہ ہے ۔ مریخ ۲، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں کے نزدیک حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

برج اسد۔ ستارہ شمس

حروف:۔ م



پیدائش:۔ جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ اپنے ماحول میں تبدیلی پیدا کرنے کے لئے تیار رہیں۔شادی یا نسبت کے مواقع آئیں گے۔ کیونکہ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی۔

مریخ شروع ماہ سے طالع کے مقابل رجعت میں ہو گا اور واپس چھٹے گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔لہذا نئے تعلقات کا انجام میں بری تبدیلی آئے گی۔منگنی اور شادی کے معاملات میں رکاوٹ آئے گی۔لوگ اپنا دباؤ بڑھائیں گے۔ اس ماہ تفریحی سرگرمیوں، سوشل زندگی اور سیر و تفریح میں خوشی نہ ملے گی۔اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تفریحی سرگرمیوں اور زندگی کے لطیف پہلو پر توجہ دینے کے لئے آپ کے پاس روپیہ نہیں ہوگا۔کوابکی رجحانات تحقیقی اور آٹسٹک سرگرمیوں کی موافقت میں بھی ہونگی۔چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میداں کے خواہاں ہیں تو اب کچھ مواقع حاصل ہو سکتے ہیں۔ مریخ ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔تاہم مریخ طالع کے مقابل ۴، ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو کسی بڑی مخالفت سے واسطہ پڑے گا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔اہم بات یہ ہے کہ آپ دوسروں کے جھگڑوں اور جذباتی مسائل سے الگ رہیں اور دوسروں کو اس بات کا ہرگز موقع نہ دیں کہ وہ آپ کو جلد بازی میں آ کر کوئی فیصلہ کرنے پر مجبور کر سکیں جہاں تک متنازعہ معاملات کا تعلق ہے آپ کو الگ تھلگ رہنا چاہیے۔

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ والدین کے ذریعے میراث اور ترکہ کے معاملات کی طرف توجہ دیں اور حکمت عملی کے ذریعے ہر شخص سے معاملات طے کریں تاکہ غصہ اور انتشار سے بچا جا سکے۔ سرمایہ کاری غیر ضروری نہ کریں۔ روپے کا حصول اس وقت تکلیف دہ ہوگا جس کے باعث جھگڑا ہونے کا اندیشہ بھی ہے۔

زہرہ ۷ تاریخ کو تیسرے گھر میں ہوگا۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران کسی وقت سیر و تفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہو چکا ہے یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے۔ یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن و سکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد کرے گا۔ اختلافات اور اسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی۔ زہرہ ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں سیر و تفریح، کسی شادی میں شریک ہونا یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس دن خاندان یا سسرالی لوگوں کی تقریب میں شرکت کریں۔ شریک زندگی کے ساتھ دور دراز کا سفر کریں گے تو خوشیاں بھی حاصل ہونگی۔ کسی شخص کی قربت آپ کو بے سکون کر دے گی۔ زندگی میں کسی شخص کی آمد سے سوچ اور خیالات میں تبدیلی دیکھنے میں آئے گی۔ یہ وقت شادی یا نسبت طے کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ملازمت سے متعلق ترقی کے امور یا تبادلہ کے کام کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی۔ بیرون ملک تعلیم کی غرض سے سفر کریں یا پھر کسی کمپنی میں سرمایہ کاری کرنے کے مواقع حاصل ہونگے اور ساتھ معلومات حاصل ہو سکے گی۔

عطارد طالع میں رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ آپ جسمانی اور ذہنی دونوں لحاظ سے سرگرم اور چست محسوس کریں گے۔ چنانچہ تھوڑے وقت میں آپ بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ وہ افراد جو حال ہی میں روزمرہ کے معمولات کی وجہ سے بندھ سے گئے تھے۔ وہ یقیناً حالات میں بہتری دیکھیں گے گھر سے باہر نکلنے اور گھومنے پھرنے، نئے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے اور نئی سرگرمیاں اختیار کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں یا تعلیم کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ان کے لئے طالع میں عطارد کی موجودگی بے حد موافق ثابت ہوگی۔ عطارد ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا نشر و اشاعت، سفر، سیر و تفریح، تحریرات اور ذاتی مقاصد کی دلچسپیوں سے متعلقہ اہم معاملات کے لئے تاریخیں موافق ثابت ہونگی۔ ان دنوں مسائل کو حل کرنا آسان ہوگا۔ اگر ان دنوں کوئی انٹرویو دینا ہے یا کسی میٹنگ میں شرکت کرنی ہے تو موافق نتائج برآمد ہونگے۔ تاہم عطارد ۵، ۱۷، ۲۵ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں سفر، افواہیں اور غیر ضروری افراد آپ کا وقت ضائع کریں گے۔ ان دنوں ملاقاتیں یا پارٹیوں میں محتاط رویہ رکھیں۔

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف: پ۔ غ



پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ سے بہتر حالات سے واسطہ پڑے گا جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو ذاتی کام شروع کرنا چاہتے ہیں یا وہ افراد جو فاضل وقت کی کسی سرگرمی کو نفع بخش طریقے سے استعمال میں لانا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت کامیابی لائے گا۔ نئے رشتے

بنیں گے۔

عطارد زائچے کے بارہویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ حاسدی افراد یا وہ افراد جو خفیہ طریقے سے آپ کو پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں ان کے ساتھ رابطہ کرنے، گفت شنید یا قریبی لوگوں کے ساتھ جا کر ملاقات کرنی بہتری کی صورت لائے گی۔ یہ وقت خاص طور پر صحت کو بہتر بنانے کے لئے موثر ثابت ہوگا۔ مطالعہ اور معلومات حاصل کر کے ذہنی اور جسمانی دونوں طرح بہتری لا سکیں گے۔ اگر آپ قانون کے شعبے سے منسلک ہیں تو ان دنوں اپنی بہترین صلاحیتوں کے ذریعے لوگوں کو فائدہ دیں۔ ذاتی کام اور کاروباری مقاصد کو آگے بڑھا سکیں گے۔ مشکلات پر قابو پا سکیں گے۔ لوگوں کا تعاون ہوگا تاہم وقت پر لوگ مل نہ سکیں گے۔ یا کوئی نہ کوئی بات کام میں التواء کا باعث بنے گی۔ ان دنوں نشرواشاعت کے کاموں، پبلشنگ اور حسابات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ عطارد ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس وقت لین دین کے معاملات میں آپ کو احتیاط رکھنی ہوگی۔ سرمایہ کاری اور پیشہ وارانہ معاملات میں تحریری امور کو زیادہ اہمیت دیں۔ زبانی بھروسہ کسی پر نہ کریں۔ قانونی معاملات اس وقت کسی قسم کی مدد فراہم نہ کریں گے۔ جن لوگوں سے تعاون کے خواہاں ہونگے وہ اس وقت مددگار نہ ہوں گے۔ والدین کے ساتھ بھی معاملات میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اس وقت ان کی سوچ آپ کے کام پر اثر انداز ہوگی جس سے آپ میں غصہ کا عنصر بڑھ جائے گا۔ شادی اور نسبت سے متعلقہ امور میں اس وقت بات چیت موثر ثابت نہ ہوگی۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے چھٹے گھر میں رجعت میں ہوگا اور واپس پانچویں گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ اپنے اہم معاملات کو بہت حکمت عملی سے بڑھانا ہوگا۔ کیونکہ کوئی بھی غصہ والی بات نقصان دہ ثابت ہوگی۔ رجعت مریخ کام اور کاروبار میں الجھنوں میں ڈال دے گی۔ ملازمین سے زیادہ محنت کروائیں گے۔ جس سے حادثات ہونے کے امکانات ہیں۔ اس ماہ حالات سے نمٹنے کے لئے پوری صلاحیتوں سے کام لینا ہوگا۔ اپنی صحت کے معاملات اور جسمانی قوت کو بہتر بنانے کے لئے ورزش اور ذہنی قوت کو بڑھانے کے لئے تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینا بہتر رہے گا۔ ملازمت کے حصول یا ٹیکنیکل کاموں میں حصہ لے کر خاص شعبے میں مہارت حاصل کر سکیں گے۔ وہ افراد جو کھیل میں حصہ لے رہے ہیں یہ اپنی صلاحیتوں اور جسمانی قوت سے بہتر پوزیشن حاصل کریں گے۔ بلکہ آگے ملنے والے مواقعوں سے بھی فائدہ اٹھائیں گے۔ مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۲۱، ۳۱ تاریخ کو غیر موافق نظرات میں حادثہ یا جھگڑا ہونے بلکہ فوری طور پر مشینری کی خرابی سے پریشانی لائے گی۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ انعامی اسکیم میں جو روپیہ لگایا تھا اب منافع ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زندگی میں کسی شخص کی آمد قسمت میں تبدیلی لائے گی۔ دوسرے شخص کا روپیہ آپ کے اہم مقاصد کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ خوش قسمتی کا دروازے کھولنے کا وقت آ گیا ہے۔ مواقعوں سے فائدہ اٹھائیں۔ بیرون ملک سفر ہوں یا کاروباری یا قانونی معاملات اس وقت کیے گئے فیصلے دورس نتائج لائیں گے۔ ٹیکس یا انشورنس کے امور بھی موافق رہیں گے۔

زہرہ ۷ تاریخ کو خانہ مال میں ہوگا۔ یہ آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے۔ یہ وقت ان معاملات میں غیر معمولی بہتری لائے گا۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو کسی بہت اہم شخصیت سے ملاقات کرائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے ہے۔ اگر اس وقت کسی مالی پریشانی کا سامنا ہے تو مالی گھر میں زہرہ کی موجودگی اس پریشانی کو دور کر دے گی اور اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ جب آپ فیشن کے مطابق چلنے والے ہوں یا اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے پر روپیہ صرف کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ مالی معاملات کے لئے ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ یہ تاریخیں ان افراد کے لئے موافق ثابت ہونگی جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں یا جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

برج میزان۔ستارہ زہرہ

حروف:- ت۔ٹ۔ر۔ط



پیدائش:- ستمبر۲۴ تا اکتوبر۲۳

اس ماہ ذہنی پریشانی میں مبتلا رہیں گے۔ کچھ لوگ آپ کو مشکلات میں ڈالیں گے۔ رشتہ داروں کے ساتھ معاملات میں سختی رہے گی۔ لوگ کھلی دشمنی بھی کر سکتے ہیں۔

۷ تاریخ کو زہرہ طالع میں داخل ہوگا۔ اس کی موجودگی کی وجہ سے شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی مزید خوشگوار ہو جائے گی۔ جب کہ غیر شادی شدہ افراد کو اس ماہ کسی اہم شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا۔ زہرہ ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ کو موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ یہ تاریخیں ذاتی مصروفیت والے کام، سیر و تفریح، سوشل زندگی اور محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہونگی اور ان معاملات میں تیزی نظر آئے گی۔ یہ وقت کپڑے خریدنے، گھریلو آرائش سے متعلق چیزیں خریدنے اور شخصیت کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دینے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ نیز یہ وقت زائد مقبولیت اور ہر دلعزیزی بھی لائے گا۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت داری میں ملوث ہیں یہ اپنے شریک کی خوش بختی کے ذریعے فائدہ اٹھائیں گے۔


۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔

کیرئیر کے معاملے اور والدین کی صحت کے معاملے میں پریشانی بڑھ جائے گی- اس وقت عزت و وقار کا مسئلہ درپیش ہوگا گھر کے معاملات بے سکونی کا شکار ہوں گے- شریک زندگی کے ساتھ بھی معاملات جھگڑے کا باعث بنیں گے- ہر شخص اپنی اہمیت کو بڑھائے گا اور انا کا مسئلہ بنے گا-

ستارہ مریخ شروع ماہ سے زائچے کے پانچویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور واپس چوتھے گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا- جلد روپیہ کمانے والی اسکیموں، معموں، بونڈز یا دیگر کھیلوں میں حصہ لینے کی طرف رجحان رہے گا- محبت کے معاملات میں غیر اہم واقعات و جذبات اور احساسات کی وجہ سے ذہنی پریشانی ہوگی- بچوں کی بیماری یا چوٹ کی وجہ سے کام ادھورے رہ جائیں گے- یہ وقت خاندانی معاملات کو حل کرنے میں مدد دے گا- تاہم غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے- کھیلوں میں یا کسی کلب میں شمولیت اختیار کرکے اپنی صحت کو بہتر بناسکیں گے- اگر کسی خاص مقابلوں میں حصہ لے رہے ہیں تو اپنی صلاحیتوں سے بہتر پوزیشن حاصل کریں گے- میکینکل اور ٹیکنیکل کاموں کو سمجھنے اور ان میں مہارت حاصل کرنے میں آسانی ملے گی- مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا- تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو نحس نظرات قائم کرے گا- ان دنوں بچوں کی صحت اور حادثہ ہونے کا بھی خدشہ ہے- محتاط رہیں-

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی- الجھے ہوئے معاملات کو گفت وشنید کے ذریعے حل کرسکیں گے- تعلقات میں اضافہ ہوگا، اچانک کسی فرد کی طرف سے اہم پیشکش ملے گی- باحیثیت افراد مددگار رہیں گے جس سے مالی پوزیشن بہتر ہو جائے گی- والدین کے ساتھ مل کر ماحول کو خوشگوار بنانے گھر میں تبدیلی کریں گے- یا کسی شخص کی آمد خوشی کو بڑھادے گی- شریک زندگی کی خوش بختی کی وجہ سے مالی فائدہ حاصل ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے- شراکت داری کے امور میں اچانک نئے لوگوں کا اضافہ ہوگا- اپنے کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے نئے معاہدات کریں گے جس کے بہتر نتائج دیکھیں گے-

عطارد گیارہویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا- بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ ڈالے گا- مشترکہ سرگرمیوں والے کام جو دوسروں کی مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے اور معاشرتی فلاح و بہبود کے کاموں کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا- اگر کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا جن نئے لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے- ان میں بہت سی باتیں آپ سے ملتی جلتی ہونگی- نیز لوگ آپ کو نقطہ نظر میں وسعت پیدا کرنے کی ترغیب دیں گے- عطارد ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا - لہذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر وتفریح، پارٹی، فنکشن، نشرواشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا- قریبی کاروباری افراد کے ساتھ میٹنگ، گفت شنید یا ملاقاتیں بھی آپ کو نئی سوچ عطا کریں گی- تاہم ۵، ۱۷، ۲۵ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا- ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے-



اس ماہ تخلیقی امور یا نئے راستوں کا انتخاب ہوگا- گھر میں بچوں اور محبت کے معاملات میں تبدیلی آئے گی- کاروباری و دیگر سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں- کوئی بھی تبدیلی خوش کن ثابت ہوگی-

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے چوتھے گھر میں رجعت میں ہوگا اور واپس تیسرے گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا- اس کی موجودگی سے گھریلو امور میں پریشانی اور ذہنی دباؤ ملے گا- والدین یا گھر میں موجود کسی افراد کی صحت یا کسی حادثہ کی وجہ سے پریشانی آئے گی- گھریلو اشیاء اچانک خراب ہونگی- جنہیں فوری طور پر صحیح کروانا بہتر رہے گا- تاہم اگر خود ٹھیک کررہے ہیں تو احتیاط رکھیں- مریخ کی موجودگی سے تعمیری کام اور گھر کی مرمت میں ہمت پیدا کرے گی- لیکن ساتھ ہی غصہ اور اجڈپن بھی آئے گا- دوسروں سے کام لیتے ہوئے تحمل سے کام لینا ہوگا ورنہ معمولی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے- مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں جب یہ غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا-

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی- کاروباری اور قانونی معاملات میں پریشانی بڑھ جائے گی- اس وقت ملازمین نقصان کا باعث بنیں گے- گھر کے معاملات بے سکونی کا شکار ہوں گے- سفر کررہے ہیں تو دوسرے شخص کی طرف داری مہنگی پڑے گی-

زہرہ ۷ تاریخ کو زائچے کے بارہویں گھر میں موجود ہوگا- لہذا یہ وقت کاروباری امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا- ان لوگوں سے تعلقات کو بہتر بناسکیں گے، جو کام میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں- غیر ضروری اخراجات سے واسطہ پڑے گا - مالی اور کاروباری امور میں معاہدات کسی نہ کسی طرح فائدہ دیں گے- اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں اور صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں- یہ وقت اچانک کچھ نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا یا کسی پرانے دوست سے ملیں گے- ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہونگی وہ ذرائع آمدن کو بڑھانے اور نئے راستوں کو اپنانے میں فائدہ مند ثابت ہونگی- وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا- زہرہ ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا- ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت

ہونگی۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہو گی۔ مالی معاملات میں پیش رفت ہو گی اور کاروباری سرگرمیاں شروع کرنے کے موقع ملیں گے۔۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات کو از سرنو قائم کریں ۔خواہشات کی تکمیل اس وقت ممکن ہے۔ اپنی بات کا اظہار جس خیال سے کریں گے وہ بات پوری ہوجائے گی۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ تاہم رشتہ داروں کے ساتھ سفر کی نشاندہی ہورہی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھنے کا موقع ملے گا اور ہوسکتا ہے کہ بہت سی باتیں کھل کر سامنے آئیں۔

عطارد وتد السماء پر رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہو گا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط وکتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی معاملے سے متعلق گفت شنید کرنے والوں میں آپ بھی شامل ہیں یا کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ مدعو ہیں تو ان تاریخوں کا انتخاب کریں آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھ جائے گی۔ تاہم اگر آپ ۵، ۷، ۲۵ تاریخ کو سفر کررہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کرلیں اور دیگر قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ نہ لیں۔

برج قوس۔ستارہ مشتری

حروف:۔ ف



پیدائش:۔ نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

اس ماہ قوسی افراد دوستوں اور قریبی رشتہ داروں کے ساتھ معاملات میں پریشانی دیکھیں گے۔ جو نئے رشتے بنیں گے وہ تکلیف کا باعث بنیں گا۔ گھر کا ماحول میں بے سکونی رہے گی۔

زہرہ ۷ تاریخ کو زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود ہوگا ۔ دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بہت سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے اس وقت زہرہ ان سرگرمیوں کی موافقت میں ہوگا جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس مدد اور رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ پہنچے گا۔ ان دنوں آپ کی زندگی میں جو واقعات رونما ہونگے وہ آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے۔ چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے اور محبت کے معاملات سے متعلق ان کے خواب پورے ہوسکتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول یا تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا۔ یہ تاریخیں محبت کی معاملات، ملنے ملانے، گفت شنید یا سیر وتفریح کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہوجائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہو گی ۔ اس ماہ زہرہ محبت کے بندھنوں کو مزید مضبوط کرنے کی پوزیشن میں ہے۔

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ وہ قوسی افراد جن کی اس ماہ نسبت یا شادی کے سلسلے میں بات چیت ہورہی ہے ان کے لئے یہ وقت ناموافقت لائے گا۔ اس وقت آپ کی شخصیت دوسروں کی نظر میں بے اعتبار نظر آئے گی۔ ترقی کے معاملے میں رکاوٹ ملے گی۔ دوسروں کے ذریعے مالی فائدہ اٹھانے کے موقع ضائع ہوگا۔ لوگوں کی مہربانیاں خاص مقاصد لیے ہوئے ہونگی۔

عطارد نویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی مقاصد کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ خط وکتابت یا دور دراز علاقے جانا یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر، ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ شریک زندگی سے متعلقہ معاملات اور اپنے کام اور کاروبار کے سلسلے میں معاہدات، تحریری امور یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ وسط ماہ کے بعد لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل کرنا مشکل ہوگا۔ یہ وقت بہتر ملازمت حاصل کرنے کے سلسلے میں خط وکتابت یا دیگر الیکٹرونکس ذرائع استعمال ہوں گے۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہو گی۔ خیالات اور سوچ میں تبدیلی امیدوں پر اثر انداز ہو گی۔ حصول مال کے لئے اہم پیش رفت ہو گی ۔سرمایہ کاری کریں، معاہدات کریں ضرور کامیابی ہوگی۔ ایسے لوگوں سے رابطہ کریں جو آپ کو ہمدرد ہوں اور کام کرنے میں تعاون کریں۔ شریک زندگی کی جائیداد یا روپیہ کے ذریعے بھی قسمت کو آزمائیں اور کسی منافع دینے والی اسکیموں میں حصہ لیں۔ ملازمت کے حصول یا تبادلہ کے لیے رابطہ کریں یا ملاقات اہم پیش رفت ہوگی۔ والدین کی جائیداد یا زمینداری کے کاموں میں قانونی مسائل کو حل کرنے کی پوری صلاحیت ہوگی۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے تیسرے گھر میں رجعت کر جائے گا اور واپس دوسرے گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ خاندانی رشتہ

داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں بہتری سے واسطہ پڑے گا- اس ماہ قریبی رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا بلکہ بھائیوں کے قریبی دوستوں کے ساتھ تعلقات میں جو اختلافات چل رہے تھے اب دور ہو جائیں گے- سوشل سرگرمیوں میں قریبی افراد کے ذریعے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا- آپ میں قابلیت اور صلاحیت موجود ہے جس کی وجہ سے کام میں غلطیاں نہیں ہو نگی- تحریری کاموں میں سوچ سمجھ کر لکھیں- کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشو و نما ہو گی- سوچ اور خیالات کے علاوہ فیصلہ کرنے میں اور باقوت قدم اٹھانے میں بھی آسانی رہے گی- بلکہ خود اعتمادی بھی پیدا ہو گی- مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- تاہم ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا-



اس ماہ سے بہتر حالات سے واسطہ پڑے گا ۔آپ کی زندگی میں کئی لوگ شامل ہوں گے۔ کاروباری معاملات بہتری پیدا کریں گے۔فاضل وقت کی کسی سرگرمی کو نفع بخش طریقے سے استعمال میں لانا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی یہ ماہ کامیابی لائے گا-

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے خانہ مال میں رجعت کر جائے گا اور واپسطالعمیں داخل ہو گا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہو گا- یعنی کاروباری روپیہ کے لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہو گی- حالات روپیہ کمانے میں پوری مدد کریں گے بھر پور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔تاہم اخراجات بھی بھاری بوجھ لاتے ہیں- اس ماہ لین دین اور حسابات کو چیک کریں۔ نئے کاموں میں دلچسپی لیں تا کہ جلد فائدہ حاصل ہو سکے- غیر ضروری اخراجات سے بچیں۔ جلد غصہ آیا کرے گا- تحمل مزاجی سے کام لیں- یہ وقت مشکلات کا باعث بنے گا- اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی طور پر فٹ رہینگے - مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا- ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا- تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے-

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہو گی- اس وقت لین دین اور شراکت داری کے معاملات میں احتیاط رکھنی ہو گی- سرمایہ کاری اور پیشہ وارانہ معاملات میں تحریری امور کو زیادہ اہمیت دیں- زبانی بھروسہ کسی پر نہ کریں- قانونی معاملات اس وقت کسی قسم کی مدد فراہم نہ کریں گے- جن لوگوں سے تعاون کے خواہاں ہونگے وہ مددگار نہ ہوں گے- والدین کے ساتھ بھی معاملات میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اس وقت ان کی سوچ آپ کے کام پر اثر انداز ہو گی جس سے آپ میں غصہ کا عنصر بڑھ جائے گا- شادی اور نسبت سے متعلقہ امور میں اس وقت بات چیت موثر ثابت نہ ہو گی-

عطارد آٹھویں گھر میں رجعت میں ہو گا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہو گا- اس دوران وہ دوستی اور شراکتی اور تمام قریبی تعلقات پر دباؤ ڈالے گا- لوگوں کے ساتھ رابطہ کریں اور محفلوں میں شرکت کر کے تعلقات میں اضافہ کریں۔ یہ وقت ذہن کو تر و تازگی عطا کرے گا- کاروباری ذہنیت رکھنے والے افراد کے لئے یہ ماہ مفید رہے گا تعلقات قائم کریں، اہم معاہدات پر دستخط کریں اور نئے خیالات پر عمل کرنے کے لئے موافق ثابت ہو گا- آٹھویں گھر میں میراث اور ترکہ کے قانونی معاملات میں مشکلات پیدا ہونگی۔ غلط فہمی کسی بھی معاملے میں التواء پیدا کرے گی۔ ان تمام معاملات کے لئے ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہو گی- ان تاریخوں میں اہم خطوط لکھنے، نشر و اشاعت، سیر و تفریح کی سرگرمیاں اور تجارتی معاہدات کے لئے بھی یہ تاریخیں مفید ثابت ہونگی- تاہم ۵، ۱۷، ۲۵ تاریخ دوسروں کے ساتھ تعلقات اور معاملات طے کرنے کے لحاظ سے بے حد احتیاط کی متقاضی ہے-

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث کی ہو گی- اس وقت تعلقات بڑھانے کے اہم موقع حاصل ہونگے - کام اور لین دین کے معاملات اس وقت بہتر رہیں گے- نئے خیالات جنم لیں گے- کاروبار کے لئے قرض لینا اور معاہدات کرنا موافق رہے گا۔ قانونی مسئلے کو آسانی سے حل کر سکیں گے۔ اس وقت اہم لوگوں سے ملاقات کریں گے یہ آپ کے لئے مددگار اور ہر طرح کا تعاون بھی ملے گا- اپنے صلاحیتوں سے فائدہ اٹھائیں- رشتہ داری کے معاملات بہتر رہیں گے اور اپنی عزت و وقار کو بڑھا سکیں گے-

زہرہ ۷ تاریخ کو وتد السماء پر آ جائے گا- یہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہو گا- دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہو گا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں- زہرہ محبت کے معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے - وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں ان کے لئے زہرہ کے سعد نظرات موافق ثابت ہونگے- یہ ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا اور جن افراد کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ موافق ثابت ہو گی- کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہو گا- تاہم زہرہ ۸، ۲۲، ۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہو گا لہذا ان دنوں اگر احتیاط نہ برتی تو اپنے لئے بڑی آسانی سے مشکلات پیدا کر لیں گے- ان دنوں اگرچہ اپنی گھریلو زندگی خوشگوار ہو گی مگر دوسروں کے جذباتی مسائل کی وجہ سے فکر و پریشانی رہے گی- اس برج سے متعلقہ افراد عموماً" ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب، گروپ، لائبریری یا ادارے میں شریک ہونا پڑے اس قسم کی دلچسپیاں آپ کے معاملات میں بتدریج اہمیت اختیار کر جائیں گی-

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس



حروف:۔ س۔ش ش۔ص

پیدائش:۔ جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت اپنی کوششوں کا آغاز کردیں۔اس ماہ کئی کام آپ کی توقع کے مطابق ہوجائیں گے۔

عطارد طالع کے مقابل رجعت میں ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ اگر کسی کاروبار یا روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضع ہو جائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہو جائے گی اس ماہ آپ روزگار اور مستقبل کے تحفظ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کریں ۔ عطارد کی موجودگی کی وجہ سے آپ کی زیادہ تر توجہ روزگار اور کام کے معاملات پر رہے گی۔اگر آپ کا اپنا کاروبار ہے یا نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پاسکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔وسط ماہ کے بعد رشتہ داروں اور شریک زندگی کے ساتھ معاملات میں احتیاط رکھیں کچھ غلط فہمیاں نقصان دیں گی۔بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں اور پھر ایک مضبوط اور مستحکم بنیاد قائم کریں۔ کام اور روزگار کے معاملات کچھ پریشانی اور مشکلات کا سبب بنیں گے۔ حالات بہتر ہونے میں وقت لگے گا۔ ملازمت کی درخواستیں ارسال کرنے،انٹرویو دینے،معلومات حاصل کرنے اور کسی بھی نوعیت کے ذاتی کام کا آغاز کے لئے ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔اپنے قریبی لوگوں کے ساتھ ہر طرح کے معاملات میں محتاط رہنا ہوگا۔ لین دین، بینک کے کام، حساب کتاب اور اہم لوگوں کے ساتھ ملاقات میں حد درجہ احتیاط کی ضرورت پڑے گی۔ کوئی بھی غلط بات یا نظریہ تعلقات کو خراب کرے گا۔قریبی رشتہ داروں کے ساتھ بھی تمام معاملات میں احتیاط رکھیں۔سفر کے معاملات میں احتیاط رکھیں۔ اس وقت آپ کے پاس جو روپیہ موجود ہے محتاط رہ کر خرچ کریں۔

زہرہ ۷ تاریخ کو زائچے کے نویں گھر میں داخل ہوگا ۔ چنانچہ یہ وقت لمبا خواہ وہ کاروباری غرض سے اختیار کیا یا تفریحی نوعیت کا ہو،موافق ثابت ہوگا۔درحقیقت یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کر رہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔اگر آپ تعلیمی سرگرمیوں، کاروباری سفر یا عمرہ وغیرہ کے لے جارہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا۔زہرہ اس ماہ کی ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ قیمتی اشیاء کی خریداری سیر وتفریح، محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت ہوگا۔ قانونی امور میں بھی یہ تاریخیں اہم ثابت ہونگی۔آپ کے نزدیک اگر محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں تو یہ ماہ ان معاملات کے لحاظ سے زیادہ موافق ثابت ہوگا۔ اس سلسلے میں آپ سفر بھی کریں گے۔ کچھ خوشگوار نوعیت کی خبریں اور واقعات آسکتے ہیں ۔ تاہم ۸، ۲۲، ۳۰ تاریخ کو محتاط رہیں حکمت عملی سے کام لیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ارادہ ایسے کام کر بیٹھیں گے جس کی وجہ سے حسد اور رقابت کا سامنا ہوگا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت اپنے خیالات کا اظہار برملا کریں۔جن لوگوں کے ساتھ مخالفتیں چلی آرہی تھیں ان پر قابو پا سکیں گے۔دشمنی کی جڑ تک پہنچ جائیں گے۔اس وقت موجودہ مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت موجود ہوگی۔ قانونی معاملات سے نکلنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔کاروباری معاہدات ، سرمایہ کاری اور اہم شراکت داری کے امور کامیابی عطا کریں گے۔یہ وقت اپنی تمام مشکلات کو دور کرنے میں قوت عطا کرے گا۔

مریخ شروع ماہ سے طالع میں رجعت کی حالت میں ہوگا اور واپس بارہویں گھر پر داخل ہوگا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔اس کی موجودگی ذہنی اور جسمانی قوت فراہم کرے گی۔اس ماہ جن کاموں کی طرف توجہ دیں گے ان کاموں میں رکاوٹ آئے گی۔ضرورن سے زیادہ غلط فہمی اور شک کا شکار ہونگے ۔ اپنے ذاتی کاموں کی تکمیل بھی دباؤ کا باعث بنے گی۔کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں تو کارگردگی میں مشکلات پیش آسکتی ہیں ۔ترقی کرنے اور کاروبار کو وسیع کرنے ،جہاں آپ ملازمت کر رہے ہیں وہاں بھی آپ کی بہترین صلاحیتوں کا اظہار کرنا ہوگا۔ترقی کے امکانات روشن ہیں لیکن کچھ لوگ مخالفت کریں گے۔جس سے امیدیں ٹوٹ جائیں گی۔تعمیری کاموں میں حصہ لیں یا ٹیکنیکل شعبے میں مہارت حاصل کرنا ضروری ہوگا۔اس ماہ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لیں جس سے ذہنی قابلیت کو بڑھانے میں مدد ملے۔ مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں جب یہ غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ حادثہ یا جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔

برج حوت ۔ستارہ مشتری،نیچون

حروف:- د۔چ



پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

مالیاتی امور میں فائدہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔اب اچانک تبدیلی نظر آئے گی-اس ماہ اچانک لوگ آپ سے تعلق قائم کرنا چاہیں گے۔ خوش خبری ملے گی یا بہت پرانا دوست ملے گا۔جس کی مدد سے نئے کیریئر کا آغاز کریں گے۔

زہرہ ۷ تاریخ کو آٹھویں گھر میں داخل ہو گا-یہ زائچے کے اس گھر میں ہو گا جس کا تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے-اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے - جائیداد کے معاملات کے لئے بھی یہ ماہ موافق ثابت ہو گا- چنانچہ اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو اس سعد وقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے قطعی قدم اٹھائیں- وہ افراد جو شادی شدہ ہیں یا جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں ان میں کام کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے گا - حالات جو بھی ہوں بہر حال ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۵ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہو گا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہو گا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا- وہ افراد جن کی شریک زندگی سے کچھ عرصے سے علیحدگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا زبردست امکان ہے ۔ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہو جائے گا-اس قسم کی بات اس دن ہو سکتی ہے جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہو گا-


۷ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی- والدین کے ساتھ حد درجہ محبت کے ساتھ پیش آنا ہوگا- تاہم اس وقت یہ آپ کے خلاف ہوں گے اور کوئی نہ کوئی بات بری لگی ہوگی- خاندان میں اپنی وقار کو بڑھائیں اور اپنے اعتماد کو قائم رکھنے کی کوشش کریں- لین دین یا قانونی معاملات یا دوسروں سے تعاون حاصل کرنے کے لئے یہ وقت زیادہ فائدہ نہ دے گا- سماجی سرگرمیوں میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔

عطارد زائچے کے چھٹے گھر میں رجعت میں ہو گا اور ۲۰ تاریخ کو مستقیم ہو گا۔ چنانچہ یہ وقت سوشل ملاقاتوں، روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی لانے اور پرانے دوستوں سے تعلقات کی تجدید کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ اگر فنڈز جمع کرنے والی سرگرمیوں، کھیلوں اور ایسے مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش قسمتی کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ وقت ان معاملات کے لئے موافق ثابت ہو گا- ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۳۰ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی- تاہم ۵، ۷، ۲۵ تاریخ کو ان سرگرمیوں سے دور رہیں کیونکہ ان دنوں عطارد غیر موافق نظر قائم کرے گا- وہ افراد جو تعلیم اور تدریسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اس وقت ترقی کا موقع ملے گا- بچوں کی صحت اور بہتری سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہو گا اگر آپ کے بچے ہیں تو اس وقت ان کی وجہ سے خوشی کا موقع ملے گا- وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں یا تعلیمی قابلیت میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس ماہ فائدہ اٹھائیں۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی- یہ وقت خاص طور پر اہم تعلقات بنانے اور دوستوں کے ذریعے کامیابی لائے گا- اس ماہ آپ کے مقاصد خواہ کچھ ہوں کامیابی ضرور حاصل ہوگی۔ یہ وقت اہم منصب پر فائز لوگوں کا تعاون حاصل ہو گا- معاہدات میں بڑی کامیابی ملے گی-اپنے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے بینک سے قرضہ کا حصول آسان ہوگا-قانونی مشورہ موثر ثابت ہو گا- اس وقت جن نئے لوگوں سے متعارف ہوں گے- وہ بھی اہم کام سرانجام دیں گے- مالی فائدہ حاصل کرنے کے کسی بھی موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں-

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے بارہویں گھر میں رجعت میں ہو گا اور واپس گیارہویں گھر پر داخل ہو گا اور ۲۸ تاریخ کو مستقیم ہو گا-اس ماہ حالات ایسے لوگوں سے نقصان لا سکتا ہے جو آپ کے دوست اور کاروباری حریف ہوں گے- یہ وقت خفیہ دشمن سے نقصان لاتا ہے-اس کے علاوہ اچانک اخراجات سے بھی واسطہ پڑتا ہے- کسی کو ادھار دینا مشکلات میں ڈال دے گا- خاندان کے لوگ عزت مطلب پر کریں گے-مشین کی خرابی ہو یا صحت سے متعلقہ امور مالی طور پر پریشانی سے واسطہ پڑے گا- وہ افراد جو فلاحی تنظیم چلاتے ہیں- انہیں چاہیے کہ سلجھے انداز سے اپنے پروگرام کو آگے بڑھائیں تا کہ لوگ اس میں دلچسپی لیں اور ساتھ ہی مالی امداد بھی فراہم کریں- یہ وقت ذہنی و جسمانی نشوونما بہتر بنانے کے لئے کسی کلب میں داخلہ لیں - اپنی صحت کا بھرپور خیال رکھیں - مریخ ۱، ۶، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا- تاہم ۴، ۱۰، ۱۶، ۲۱، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں جب انتشار کی کیفیت ہوگی یا چڑ چڑا پن غصہ لا سکتا ہے اور معمولی بات پر جھگڑا ممکن ہے-

ماہ اگست کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکواکبی گائیڈ ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۸ درجہ برج اسد پر ہوگا -۲۴ تاریخ کو برج سنبلہ میں داخل ہوگا -۳۱ تاریخ کو ۷ درجہ برج سنبلہ پر پہنچ جائے گا-

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ۲۲ درجہ برج اسد پر بحالت رجعت ہوگا -۲۰ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا -۳۱ تاریخ کو ۲۰ درجہ برج اسد پر پہنچ جائے گا-

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۲۳ درجہ برج سنبلہ پر ہوگا -۷ تاریخ کو برج میزان میں داخل ہوگا -۳۱ تاریخ کو ۲۲ درجہ برج میزان پر پہنچ جائے گا-

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۲ درجہ برج دلو پر بحالت رجعت ہوگا -۱۴ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا -۲۸ تاریخ کو مستقیم ہوگا -۳۱ تاریخ کو ۲۸ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا-

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۱۴ درجہ برج عقرب پر ہوگا اور پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا -۳۱ تاریخ کو ۱۷ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا-

۶ — زحل

یکم کو زحل ۳ درجہ برج جدی پر بحالت رجعت ہوگا پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا -۳۱ تاریخ کو ۲ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا-

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲ درجہ برج ثور پر ہوگا -۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا -اور پورا مہینہ اسی برج میں بحالت رجعت حرکت کرے گا -۳۱ تاریخ کو ۲ درجہ برج ثور پر پہنچ جائے گا-

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۶ درجہ برج حوت پر ہوگا اور پورا مہینہ اسی برج میں بحالت رجعت حرکت کرے گا -۳۱ تاریخ کو ۱۵ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا-

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۱۹ درجہ برج جدی پر بحالت رجعت ہوگا -۳۱ تاریخ کو ۱۸ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا-

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۵ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا -ذنب ۴ درجہ برج دلو پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا-

۳ کو ہبوط زہرہ، ۴ کو شرف قمر، ۷ کو زہرہ در میزان، رجعت یورنس، ۱۱ کو سورج گرہن ✹، شہادت امیر حمزہ، ۱۲ کو نیا چاند ☾، ۱۳ کو یکم ذوالحجہ ۱۴۳۹ھ، رجعت مریخ در جدی، ۱۴ کو یوم آزادی، ۱۶ کو قمر در عقرب، ۱۹ کو عطارد مستقیم، ۲۰ کو یوم الترویہ، ۲۱ کو یوم الحج، ۲۲ کو عیدالاضحیٰ، ۲۳ کو شمس در سنبلہ، ۲۷ کو مریخ مستقیم، ۳۰ کو یوم حضرت عثمان غنیؓ، ۳۱ کو شرف قمر ہوگا۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ہدایت

ماہ اگست ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	عملی ہدایت ورہنمائی
				(بدھ ۱ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۴۱	☽☍♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
س	۲۱:۰۴	☽⚹♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
ن	۲۲:۴۴	☽□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
				(جمعرات ۲ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۷:۴۴	♅□♂	یورنس تربیع مریخ	کسی کے ساتھ شراکت داری نہ کریں، معمولی بات جھگڑے کا باعث بنے گی۔
س	۱۱:۰۲	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
				(جمعہ ۳ اگست ۲۰۱۸ءء)
ن	۵:۱۶	☽□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے، کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
س	۷:۵۱	☽△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
				(ہفتہ ۴ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۳۷	☽□♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی، تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
م	۵:۳۲	☽☌♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی، ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۷:۰۶	☽△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں، رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
ن	۲۳:۱۷	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
				(اتوار ۵ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۴۹	☽□♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے، ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
س	۵:۴۸	☽⚹♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
ن	۱۱:۵۷	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
س	۱۲:۰۱	☽△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے، کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
				(پیر ۶ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۴:۴۵	☽△♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت، سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
س	۹:۰۷	☽△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی، تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(منگل ۷ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۲۶	☉□♃	شمس تربیع مشتری	خاندانی تعلقات بنانے، کاروباری معاہدات اور لین دین کے لیے ناموافق وقت۔
س	۷:۲۲	☽⚹☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
ن	۹:۳۷	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔
س	۱۲:۵۳	☽⚹☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں، قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے، سفری امور بھی بہتر۔
				(بدھ ۸ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۵:۳۲	♀△♂	زہرہ تثلیث مریخ	شادی، منگنی کے معاملات بہتر، کسی شخص سے ملاقات زندگی میں تبدیلی آئے گی۔
ن	۱۱:۰۸	☽□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی، تاہم تنقید زیادہ ہوگی، روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
س	۱۳:۱۱	☽⚹♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔

ن	۱۴:۱۴	D☍♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں' خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہوجائیگا۔
				(جمعرات ۹ اگست ۲۰۱۸ء)
م	۷:۰۶	☉☌☿	شمس قران عطارد	ہر کام پر پوری توجہ دیں اور مکمل کرنے کی پوری لگن رکھیں' ذہنی وجسمانی طور پر چست ہونگے
س	۸:۴۲	D△♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
س	۱۰:۴۲	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
ن	۱۶:۱۹	D☍♇	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں۔جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
				(جمعہ ۱۰ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۶:۳۳	♀□♄	زہرہ تربیع زحل	قریبی فرد کی صحت خراب ہونے کی وجہ سے پریشانی ملے گی۔ہوسکتا ہے کوئی اہم تعلق علیحدگی کا باعث بنے۔
ن	۱۰:۱۱	D☍♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر و مشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
ن	۱۳:۲۰	D□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
س	۱۴:۴۸	D⚹♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
				(ہفتہ ۱۱ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۸:۴۵	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
م	۸:۵۳	D☌☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کرکے بہتر فیصلہ کریں' تحریر وتقریر کے لئے موافق۔
ن	۱۱:۳۲	♃□☿	مشتری تربیع عطارد	کاروباری اور مالی معاہدات نہ کریں' تعمیری نوعیت کے کاموں میں رکاوٹیں ملیں گی۔
ن	۱۴:۵۷	D☌☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
				(اتوار ۱۲ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۱۳:۰۳	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۱۳:۵۰	D△♄	قمر تثلیث زحل	روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی' کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔
				(پیر ۱۳ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۹:۰۸	D⚹♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۱۰:۲۵	D☍♆	قمر مقابلہ نپ چون	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر رویے پر پڑے گا' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۱۶:۱۱	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
				(منگل ۱۴ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۹:۳۶	D△♂	قمر تثلیث مریخ	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
ن	۱۴:۵۵	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
م	۲۳:۰۵	D☌♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہوسکتی ہیں۔
				(بدھ ۱۵ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۷:۰۸	D⚹☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
ن	۱۸:۵۰	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(جمعرات ۱۶ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۱:۲۱	D⚹☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
ن	۱۲:۵۵	D□♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
ن	۱۸:۲۶	D☍♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۱۹:۰۵	D⚹♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔

				(جمعہ ۱۷ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۱۱:۱۷	D□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
م	۱۸:۰۵	D☌♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے، وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔کسی نیک کام میں حصہ لیں۔
س	۱۸:۳۲	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویے کو جاننے کا وقت ہے۔اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
				(ہفتہ ۱۸ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۱:۱۰	D✱♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں، مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا، نئی سمت نظر آئے گی۔
ن	۱۲:۴۸	D□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
س	۲۰:۰۶	D✱♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
س	۲۰:۳۵	♀✱☿	زہرہ تسدیس عطارد	انوسٹمنٹ اور دیگر مالی سرگرمیوں میں حصہ لینا یا معاہدات یا لین دین کا بہتر وقت۔
				(اتوار ۱۹ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۱۳:۵۴	♃△♆	مشتری تثلیث نپ چون	روحانی علوم اور مخفی علوم حاصل کرنے کے لئے اس وقت سے فائدہ اٹھائیں، اپنی قوتوں کو اجاگر کریں۔
س	۲۰:۱۲	D△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
س	۲۲:۱۳	D✱♀	قمر تسدیس زہرہ	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں، قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے، سفری امور بھی بہتر۔
				(پیر ۲۰ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۱۲	D□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔
				(منگل ۲۱ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۴:۴۶	D△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑسکتی ہے۔
س	۱۴:۰۰	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
م	۱۴:۳۲	D☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(بدھ ۲۲ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۱۵:۳۵	D□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی، تاہم تنقید زیادہ ہوگی، روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
س	۱۶:۲۷	D✱♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
س	۱۷:۲۰	D✱♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی، اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
م	۲۳:۴۴	D☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
				(جمعرات ۲۳ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۱۹:۱۸	D☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں، اہم فیصلے کریں، تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
				(جمعہ ۲۴ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۵۴	D□♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی، مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
				(ہفتہ ۲۵ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۲۶	D☍☿	قمر مقابلہ عطارد	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔
ن	۶:۵۵	D□♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
س	۹:۳۸	D△♀	قمر تثلیث زہرہ	ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔خوشیاں اور سیر وتفریح کے لئے وقت نکالیں۔
س	۲۱:۳۶	☉△♅	شمس تثلیث یورنس	سیاسی حکمت عملی سے کام لیں، گھر میں اہم تبدیلیوں کی نشاندہی ہورہی ہے، کچھ افراد الگ ہوجائیں گے۔
				(اتوار ۲۶ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۳:۰۶	☉△♄	شمس تثلیث زحل	اہم معاملات طے کرنے اور سوچ بچار کا وقت، اہم تبدیلیاں آسکتی ہیں۔
س	۱۵:۲۱	D✱♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
س	۱۵:۴۸	D✱♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی، دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔

ن	۱۶:۵۵	☽☍☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
				(پیر ۲۷ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۰۰:۱۵	♀□♇	زہرہ تربیع پلوٹو	محبت کے معاملات میں جھگڑے اور فساد' علیحدگی کی بنیاد بنیں گے' حکمت عملی سے مسئلہ حل کریں۔
م	۱۷:۰۴	☽☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
س	۱۹:۲۴	☽△♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں' کسی بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں' قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔
				(منگل ۲۸ اگست ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۱۲	☽✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کریں' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں سے فائدہ۔
ن	۱۰:۳۰	☿□♃	عطارد تربیع مشتری	کاروباری اور مالی معاہدات نہ کریں، تعمیری نوعیت کے کاموں میں رکاوٹیں ملیں گی۔
س	۱۸:۵۳	☽✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
				(بدھ ۲۹ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۳۶	☽□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
				(جمعرات ۳۰ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۹:۵۲	☽☍♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
س	۱۰:۰۱	☽△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
ن	۱۵:۵۵	☽☍♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
				(جمعہ ۳۱ اگست ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۰۳	☽□♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
س	۱۰:۴۹	☽☌♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۱۱:۱۶	☽△♄	قمر تثلیث زحل	روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی' کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔
س	۲۱:۴۱	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑسکتی ہے۔

رجعت سیارگان

عطارد

سیارگان کا رجعت کی حالت میں آنا نہ صرف یہ کہ ایک حیرت انگیز فلکیاتی واقعہ ہوتا ہے بلکہ یہ زائچے کے تجزیئے میں بھی بہت اہمیت رکھتا ہے کیونکہ کواکب کا رجعت کی حالت میں ہونا ایسے واقعات لاسکتا ہے جو نہ صرف انفرادی بلکہ اجتماعی لحاظ سے بھی بہت اہم اور بامعنی ثابت ہوسکتے ہیں۔

عطارد

عطارد کو ہر سال تین یا چار بار رجعت ہوتی ہے اور ہر بار تقریباً تین ہفتے تک یہ اس حالت میں رہتا ہے۔ یہ اس سال کی دوسری رجعت ہے جو ۲۶ جولائی کو برج اسد میں لگے گی، پھر ۱۹ اگست کو مستقیم ہو جائے گا۔ تیسری رجعت ۱۷ نومبر سے ۷ دسمبر تک برج قوس و عقرب میں ہوگی۔ جن دنوں یہ رجعت کی حالت میں ہوگا ان دنوں لوگ صحیح طور پر سوچنے کے اہل نہ ہوں گے۔ الجھن اور پریشانی کا شکار رہیں گے۔ خط و کتابت بھی معمول سے کم رہے گی۔ ان دنوں پیغامات یا تو غلط وصول کئے جائیں گے یا ان کا مطلب غلط لیا جائے گا یا صحیح لوگوں تک پیغام پہنچایا ہی نہیں جائے گا۔

ان دنوں جو منصوبے بنائے جائیں گے ان پر نظرثانی کرنی پڑے گی۔ جن معاہدات پر دستخط کئے جائیں گے یا جو معاہدات طے کئے جائیں گے ان میں یقیناً ایسی غلطیاں ہوں گی جو بڑی مہنگی پڑیں گی۔ جو خریداری کریں گے خاص طور پر وہ چیزیں جن پر عطارد کی حکومت ہے مثلاً ٹکٹیں اور سفری سامان وغیرہ وہ تسلی بخش ثابت نہ ہوگا۔ عادت اور مزاج میں برداشت کی قوت نہ رہے گی۔ لاپرواہی کی وجہ سے حادثات پیش آئیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ رجعت کی حالت میں عطارد میں اتنی بے چین کردینے والی قوت ہوتی ہے کہ لوگ بہت جلد باز اور جذباتی ہوجاتے ہیں۔ اسوقت لوگ اپنے آپ کو اور اپنے تمام کاموں کو ہر لحاظ سے کامل دیکھنا چاہتے ہیں مگر جب ایسی کوئی بات نہیں دیکھتے تو مایوس اور بدّل ہوجاتے ہیں۔


رجعت کی حالت میں عطارد سب سے زیادہ برج اسد اور قوس والوں کو متاثر کرے گا کیونکہ برج قوس میں اسے وبال ہوتا ہے اس کے علاوہ ان لوگوں پر بھی طاقتور اثر ڈالے گا جن کے زائچے میں عطارد بہت طاقتور اور نمایاں ہے۔ چنانچہ ان بروج سے متعلقہ افراد بھی اس کے مندرجہ بالا اثرات کو ان وقتوں میں محسوس کریں گے جب یہ ان کے برج میں رجعت کی حالت میں ہوگا۔

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات' اسماء' موکلات' دعوات	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح' علم تکسیر' علم الاعداد	قیمت ؛ ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی' اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت ؛ ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت ؛ ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال' اسماء' عزیمتیں' طلسم	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر' شرفات کواکب' اسمائے الٰہی' جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت ؛ ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات' نظریات نام کے اعداد سے قسمت' غیبی نمبر	قیمت ؛ ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت ؛ ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات' برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت ؛ ۳۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت ؛ ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات وتشریحات' مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت ؛ ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ' کردار' شادی' روپیہ' تعلیم' پیشہ	قیمت ؛ ۳۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ؛ ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ؛ ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولیٰ کی تاریخ	قیمت ؛ ۱۸۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش' تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت ؛ ۲۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت ؛ ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں' ہر شخص کے حالات' گرہن' سفر' سعد و نحس اوقات' کلینڈر	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری' قمر سے متعلقہ کام' نظرات' ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت ؛ ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہر و گاؤں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر و گاؤں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت ؛ ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں' گرہن' رجعت و استقامت' اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت ؛ ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات' نظرات' ستاروں کی رفتاریں' گرہن' منازل قمر' کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت ؛ ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت ؛ ۳۵۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاش البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت ؛ ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشر نے باہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا' پی آئی بی کالونی' کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا


برنی اٹلس آف پاکستان
پاکستان کے تقریباً 9 ہزار شہر و گاؤں کے نام
شہر کا طول بلد اور عرض بلد
ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
منطقہ وقت
گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں
دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق
تحریر و ترتیب: حارث عثمانی
اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز، کراچی


پتھروں کا سحر
آپ کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے
درجہ اول، درجہ دوم اور درجہ سوم کی وسیع ورائٹی
پتھر کی تشخیص کے لیے فارم منگوائیں

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں کے لئے

برنی تقویم 2018

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ اصطلاحات دی جاتی ہیں



استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرڈ ٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر



برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۱۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت، طلوع وغروب، اوخال اور شرف ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2018 حاصل کریں یا قریبی ہاکر سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:۔ /۲۰۰ + ڈاک خرچ + منی آڈر فیس = ۵۰ + ۷۵ = /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز، ابراہیم مارکیٹ، پی آئی بی کالونی، کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰